اللہ
اسم ذات اقدس
تصنیف
حضرت مولانا غلام ربانیؒ
ادارہ بلاغ الناس

پیش لفظ

رفیق محترم مولانا محمد سلیمان صاحب نے ایک چھوٹی سی کتاب عنایت کی اور فرمایا یہ کتاب میرے استاد محترم حضرت مولانا غلام ربانی صاحب مدظلہ کی تصنیف ہے۔ جنکی ذات میں اللہ کریم نے علم و عرفان کا امتزاج ایک انوکھے انداز میں فرمایا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ کرو۔

میں نے عنوان دیکھا "اسم ذات" سلوک و تصوف سے جسکو معمولی سا لگاؤ ہو یہ عنوان دیکھ کر اس کا خیال لازماً ذات اقدس کے اسم ذاتی کی طرف ہی جاتا ہے۔ اور جسے نقشبندیہ کی مجلس میں بیٹھنے کی سعادت نصیب ہوئی ہو۔ اسکی چشم تصور کے سامنے اسم ذات کے لفظ سے مسمٰی کی صفات اس انداز سے آنے لگتی ہیں۔ کہ وہ بے اختیار زبان سے کہہ اٹھتا ہے۔ **ھو الاول والاخر** ۔ وہی مصدر حیات ہے۔ وہی مقصد حیات ہے۔ تصوف و سلوک کی حقیقت اس کے سوا کیا ہے۔ کہ انسان کی باطنی اور روحانی تربیت اس طرح ہو جائے کہ **ھو الاول والاخر** کی حقیقت باہر سے اسکے ذہن میں آنے کی بجائے اندر سے اسکے قلب کی گہرائیوں سے ابھرنے لگے اور یہ علمی نظریہ ایک حقیقت ثابتہ بن جائے۔ **ھو الاول والآخر لا مقصود الا اللہ لا مطلوب الا اللہ**

متن کتاب کا مطالعہ کیا تو ذہن میں ایک عجیب الجھن پیدا ہوئی۔ کہ رفیق محترم نے اسے تصنیف تو کہہ دیا مگر یہاں فلسفہ نہ کلام، نہ استدلال عقلی، نہ دلیل نقلی، تحقیق متعارف کا انداز نہ ریسرچ۔ یوں محسوس ہوا۔ جیسے کتاب کے اندر سے آواز آرہی ہو ؎

میں کہتا ہوں دل کی باتیں تم کرتے ہو بات کتابی

مگر دل کی باتیں کہاں۔ اسکی تو ایک ہی بات ہے۔ اور وہ ہے محبت جبھی تو اہل دل کہہ گئے ہیں۔۔ ؎

ما قصۂ سکندر و دارا نہ خواندہ ایم

از ما بجز حکایت مہر و وفا مپرس

یعنی دل وہ ظرف ہے جس کا مظروف محبت کے سوا کوئی موزوں ہی نہیں۔ لیکن محبوب کون؟
اور محبت کس کی؟ اقبال لاہوری کو اہل عصر سے یہی شکایت رہی کہ ؏

دلے دارند و محبوبے ندارند

ظرف ہے مگر خالی۔ مظروف ہے مگر کوئی متلاشی بھی تو ہو۔ عنوان کتاب کیا ہے۔ گویا محبوب کی نشاندہی۔ مقصود کا سراغ۔ وہی جس نے خود اپنی محبوبیت کا اعلان فرمادیا۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ یعنی دل وہی جو اس کی محبت سے لبریز ہو۔ اہل دل وہی ہے جو اسی نشے میں سرشار ہو۔ ورنہ بدونہا خرط القتاد۔

محبوب ایسا کہ اس کی جدائی کا اندیشہ نہیں هُوَ مَعَكُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ ۔ اس پر قرب کا یہ عالم کہ نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۔ اب کون کہے کہ ؎

وداع و وصل جداگانہ لذتے دارد

ہزار بار برو صد ہزار بار بیا

یہاں تو جانے کا کھٹکا نہ آنے کا سوال یہ قرب ہے معیت ہے۔ فراق نہیں۔ ہجر نہیں۔ بُعد نہیں۔ مگر غم حیات اور غم روزگار بھی عجیب فتنہ ہے۔ اُدھر سے دوری تو نہیں اِدھر سے غفلت کی صورت پیدا ہو جاتی ہے۔ غفلت سراسر ظلمت ہے اور ظلمت ساتر نور ہے ممکن ہے "ہزار بار برو" میں اسی کیفیت کا اظہار ہو۔ مگر ذکر حبیب سراپا نور ہے۔ اور نور رافع ظلمت ہے اسی لیے کہا گیا ہے کہ "صد ہزار بار بیا" ہاں تو رفتن کے ساتھ ہزار بار اور آمدن کے ساتھ صد ہزار بار کہنا بھی محبت ہی کی کرشمہ سازیاں ہیں۔ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ ۔

اس معیت اور قرب کے ساتھ ہو الظاہر ایسا کہ ہر ذرے میں اس کا جلوہ نظر آئے بشرطیکہ چشم

بیناہو کیونکہ ؎

چشم بینا اور ہے چشم تماشا اور ہے

اور ہو الباطن ایسا کہ اس کی کنہ کا نشان تک نہ مل سکے۔ واقعی وہ ذات اقدس سے اور یہی مقام تقدیس ہے۔

مطالعہ کے بعد کتاب مولانا کے پیش کی۔ مستعار جو تھی فرمایا یہ کتاب نئے سرے سے لکھو حضرت استاذ محترم کے کچھ اور ملفوظات لکھی ہیں۔ سب کو یکجا کر کے ترتیب دے دو۔ چنانچہ کام کی ابتدا کر دی۔ شروع میں کہیں کہیں اپنی طرف سے اضافے کئے۔ جو الفاظ کے اعتبار سے اضافے ہیں مفہوم کے اعتبار سے متن ہی کا حصہ ہیں۔ ایسے ٹکڑے قوسین میں لکھ دیئے۔

ان دنوں رسائل مجددیہ زیر مطالعہ تھے۔ ایک مقام پر حضرت مجددؒ نے ایک نکتہ بیان فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے کہ اہل دل جب کوئی بات کہتے ہیں۔ تو اس میں آورد، تصنع، تکلف اور بناوٹ نہیں ہوتی۔ زبان بالکل سادہ ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص انکے کلام میں ادبی اعتبار سے کوئی تبدیلی کر دے یا شعری سقم دور کر دے تو بظاہر کلام معیاری ہو جاتا ہے۔ مگر اس کا اثر خاک بھی نہیں رہتا۔

واقعی سچ کہا کسی نے از دل خیزد بر دل ریزد

اس نظم و نثر کو اسی حالت پر برقرار رہنے دیا جو صاحب دل عارف کی زبان سے ادا ہوا

دوسری بات جو اس کتاب کی ترتیب میں محسوس ہوئی۔ وہ کچھ ایسی ہے جو حضرت ذوالنون مصری فرما گئے ہیں کہ :-

صوفی وہ ہے کہ جب وہ بات کرے تو اس کی گفتگو اس کے حال کے مطابق ہو"

یہ گفتگو تو یوں لگتی ہے جیسے ساری کی ساری حال ہی ہے

ایں سخن را کشتی و دریا جدا است

می شناسد ہر کہ از وے آشنا است

تیسرا احساس وہ ہوا جس کا ذکر حضرت تھانویؒ نے الفصل والانفصال میں فرمایا کہ :-

"نقشبندیہ کے ہاں تصرف اور توجہ بہت زیادہ ہے۔ یہ حضرات سلاطین ہیں یہ دوسروں پر بھی تصرف کرتے ہیں اور چشتیہ مساکین ہیں ان کا سارا تصرف اپنی ذات پر ہوتا ہے۔

کتاب مکمل کر کے رفیق محترم مولانا کو پیش کر دی۔ کہنے لگے کہ ایک تو اپنے نام سے اس کا پیش لفظ لکھو۔ دوسرا اسکی طباعت کا انتظام کرو۔ پہلے حکم کی تعمیل کا مطلب اس کے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ ریشم کے کپڑے میں ٹاٹ کا پیوند لگا دوں۔ مگر نقشبندیہ سے نسبت ہونے کی برکت سے ممکن ہے یہ پیوند بھی اجنبیت کا تاثر پیدا نہ ہونے دے۔ نقشبندیہ مجددیہ اور نقشبندیہ اولیسیہ ایک ہی شاخ کے دو پھول ہیں۔ رنگ جدا ہے۔ خوشبو وہی ہے۔ یہ اختلاف الوان بھی کچھ ایسا نہیں کہ غیریت کا احساس ہو۔ بس ایک کے ہاں توحید کے رنگ کا غلبہ ہے۔ دوسرے کے ہاں رسالت کا رنگ غالب ہے۔ اور حال یہ ہے کہ ؎

محبت چوں تمام افتد رقابت از میاں خیزد
بطوف شمع پروانہ با پروانہ می سازد

چنانچہ مولانا کے حکم کی تعمیل کر دی۔

رہا طباعت کا معاملہ تو مرد قلندر حکیم محمد بشیر صاحب کی سیماب صفت اور فعّال شخصیت نے یہ کام اپنے ذمے لے لیا۔ اور کتاب طبع ہو کر آپ کے ہاتھ میں پہنچ گئی ہے۔

بیا بہ مجلس اقبال و یک دو ساغر کش
اگرچہ سر نتراشد قلندری داند

بندہ عاصی

(حافظ) عبدالرزاق ایم۔ اے

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

اللھم ارزقنا حبك وحب من يحبك

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم الانبیاء والمرسلین

امابعد یہ چند اوراق اس جل جلالہ و تقدس کے ذکر کے متعلق لکھے گئے ہیں جس کی صفت یکتائی اور جس کی خاصیت جلال وکبریائی، عظمت و بلندی، بزرگی و زیبائی ہے اس کے کمال سے کوئی آگاہ نہیں اور اس کی عرفانی حقیقت میں کسی کو راہ نہیں۔ اس کی حمد وثناء میں قاصر ہونے کا اعتراف کرنا فرشتوں اور پیغمبروں کی ثناء ہے اس کے قرب و جمال کی تلاش میں۔ گردن رہنما سالکوں اور مریدوں کی انتہا ہے۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام جو ہمارے رہبر و رہنما ہیں اور اسرار الٰہی کے امانت دار اور درگاہ خداوندی کے برگزیدہ اور آپ کے اصحاب اور اہل بیت پر درود ہو۔

واضح ہو کہ انسان کھیل کود کے لیے یا عبث پیدا نہیں کیا گیا بلکہ ایک بلند نصب العین اور اعلیٰ مقصد کے لیے پیدا کیا گیا ہے اگرچہ انسان ازلی نہیں مگر ابدی ضرور ہے اگرچہ اس کا جسم خاکی اور بے وقعت ہے مگر اس کی روح کی حقیقت بلند درجہ رکھتی ہے اور اس کی ذات اگرچہ ابتداء کے اعتبار سے درندے اور شیاطین سے تعلق رکھتی ہے مگر اللہ کے ذکر سے تمام میل کچیل دھل جاتا ہے اور اس کی انتہا درگاہ الٰہی کے قرب کے لائق ہو جاتی ہے اسفل السافلین سے اعلیٰ علیین تک تمام نشیب و فراز سے گذرنا اسی کا کام ہے گویا انسان کی تخلیق کا لب لباب اللہ کی یاد ہے (اور یہی نکتہ اِلَّا لِیَعۡبُدُوۡنِ میں پوشیدہ ہے) نماز جو اسلام کا ستون ہے اس کا مقصد اللہ کا ذکر ہے (اقم الصلوٰۃ لذکری) اور فرمایا ان الصلوٰۃ تنھٰی عن الفحشاء والمنکر ولذکر اللہ اکبر یعنی نماز انسان کو خواہشات

کی غلامی اور برائیوں سے روکتی ہے اور بلاشبہ اللہ کا ذکر سب سے بالا ہے اور
قرآن مجید کی تلاوت اس وجہ سے افضل ترین عبادت ہے کہ وہ اللہ کا کلام ہے
اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کی تازگی کا سبب ہے اور روزہ کا مقصد خواہشات کا توڑنا
ہے تاکہ دل خواہشات کی زحمت سے نجات پائے اور اللہ کے ذکر کی قرارگاہ بنے
لعلکم تتقون میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے) حج کا مقصد خانہ خدا کی زیارت ہے
جس سے خداوند خانہ کی یاد اور اس کے دیدار کا شوق بڑھتا ہے (فاذکروا اللہ عند
المشعر الحرام واذکروہ کما ھدٰکم میں اسی طرف رہنمائی کی گئی ہے) پس تمام عبادتوں
کا راز اور مقصد ذکر الٰہی ہے اور مسلمانی اصل کلمہ لا الٰہ الا اللہ ہے اور یہ افضل الذکر ہے
اسی لئے فرمایا فاذکرونی اذکرکم مجھے یاد کرو تاکہ میں تمہیں یاد کروں (ذکر الٰہی کا نقد
ثمرہ اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتا ہے کہ رب العالمین جو اغنیاء سے پاک ہے اپنے
محتاج بندے کو یاد کرے) یہ یاد الٰہی دائمی ہونی چاہیئے کیونکہ فلاح اسی سے وابستہ
ہے جیسا کہ فرمایا واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون یعنی اللہ کو کثرت سے یاد
کرو تاکہ فلاح پاؤ۔ اگر فلاح کی خواہش رکھتے ہو تو کثرت سے اور ہر حال میں ذکر کرو
اس لئے فرمایا الذین یذکرون اللہ قیاما وقعودا وعلیٰ جنوبھم
فلاح کی عظمت اور بلندی کا یہ عالم ہے کہ انسان کی پوری زندگی اس کی لپیٹ میں آتی
ہے دنیوی زندگی میں فلاح یوں حاصل ہوگی کہ غیر اللہ کی محبت اور اللہ سے دور
کرنے والے علائق سے نجات ہو جائیگی اور اخروی زندگی میں فلاح کی صورت انعامات
الٰہی ہیں جو ما لا عین رأت ولا اذن سمعت کہ انسان کے وہم و خیال میں بھی نہیں آ سکتے
سب سے بڑھ کر یہ کہ رضائے الٰہی حاصل ہوگی عتاب خداوندی سے بچ جائے
گا۔ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کی تعریف کی ہے جو کھڑے بیٹھے لیٹے کسی حال میں
بھی اللہ کی یاد سے غافل نہیں رہتے اور فرمایا واذکر ربک فی نفسک تضرعا

وخفیۃ ودون الجھر من القول بالغدو والاصال ولا تکن من الغافلین
یعنی اللہ کو اپنے دل میں عاجزی سے ڈرتے ہوئے پوشیدہ طور پر صبح وشام
یاد کرو اور کسی وقت بھی غافل نہ ہو اور اللہ کی یاد سے غفلت برتنے سے باز
رکھنے کے لئے اس حد تک ڈرایا گیا کہ ولا تکونوا کالذین نسوا اللہ یعنی اللہ
کو بھلا دینا تو ایک طرف ان لوگوں جیسا بھی نہ بننا جو اسے بھلا بیٹھے ہیں اور
اس غفلت کا نقصان بھی بیان فرما دیا کہ فانسٰھم انفسھم یعنی ان سے اپنی ذات
کے لئے نفع ونقصان کا فہم بھی سلب کر لیا گیا اور اعلان کر دیا کہ اولٰئک
ھم الفاسقون یعنی اللہ کے نافرمان تو یہی لوگ ہیں پھر فرمایا کہ ومن اعرض
عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا ونحشرہ یوم القیامۃ اعمٰی یعنی اللہ کی یاد سے
پہلو تہی کرنے والوں کو نہ یہاں چین میسر آئے گا نہ وہاں سکون ملے گا
پھر غفلت کو ایک متعدی مرض قرار دیتے ہوئے تنبیہ فرمائی کہ فاعرض عن
من تولّٰی عن ذکرنا یعنی جو شخص ہمیں بھلا بیٹھا ہے اس سے بچ
کے رہو ورنہ ایسے لوگوں کی صحبت تمہیں بھی لے ڈوبے گی۔

لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کون سا عمل افضل ہے
فرمایا جب تو مرے تو تیری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔ حضرت معاذ
بن جبلؓ فرماتے ہیں اہل بہشت کو کسی چیز کی حسرت نہ ہوگی مگر دنیا کی اس گھڑی
کے جس میں وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل رہے۔

جملہ سالکان طریقت اور شائقین تصوف کو خصوصاً اور عام مسلمانوں کو
عموماً اس کتاب کا مطالعہ کرنا انشاء اللہ مفید ہوگا۔ اگر کسی جگہ کوئی غلطی یا
خامی ہو تو حق تعالیٰ معاف فرمائے اور اس ناچیز کوشش کو قبول فرما کر جملہ متعلقین
وذاکرین کی مغفرت کا ذریعہ بنائے آمین!

مرتب
یکم محرم ۱۳۹۷ھ

حقیقت ارادۂ ذکر اللہ
معرفۂ ارادۂ دل
دریائے وحدت
دریائے توحید
ذات
باھوت
ھاھوت
لاھوت
صفات الاسماء
افعال
جبروت
ملکوت
ناسوت
آثار دنیا اجسام
۲۰ معرفت ذات بلا واسطہ
۱۹ معرفت ذات بالواسطہ
۱۸ حقیقت معرفت صفات
۱۷ حقیقت احمدی
۱۶ حقیقت محمدی
۱۵ حقیقت حیرت
۱۴ حقیقت شہود
۱۳ حقیقت دعوت
۱۲ حقیقت صلوٰۃ
۱۱ حقیقت قرآن
۱۰ حقیقت کعبہ
۹ سیر نفس
۸ قلب لقا
۷ قلب فنا
۶ سلطان ذکر
۵ لطیفہ اخفیٰ
۴ لطیفہ خفی
۳ لطیفہ روحی
۲ لطیفہ سری
۱ لطیفہ قلب
قد انسان اسمِ ذات ہے، چنانچہ اسم ذات میں پانچ الف
ہیں اور انسان کا قد ان پانچ الفوں سے مرکب ہے
۱ دونوں ہاتھوں کی پانچ پانچ انگلیاں
۲ یعنی دو اسمِ ذات
۳ دونوں پاؤں کی پانچ پانچ انگلیاں
۴
۵ قدِ انسان ،
یہ کل ۵ اسمائے ذات
ہوئے بشکل یہ ہے

قلب (ق)

قاف تا قاف است روز حرفِ قاف
غرب تا شرق است شورِ حرفِ قاف

قابِ قوسین از قیامِ حرفِ قاف
قرب اطرافی ز قابِ حرفِ قاف

حرفِ قاب اندر دلنی فانی شده
قربِ امرے بے چگونِ باقی شده

در تدلّیٰ شد حوالہ بارِ اُو
گشته تدبیرِ الٰہی یارِ اُو

دلِ چوں از دیدار برخوردار شد
منظر و ناظر که صد نقش کار شد

(ل)

مظہر لطف لطیف حرفِ لام
شرهٔ نورِ ہُدا در عطفِ لام

نور ایمان برق استعداد لام
در سویدا گشته مکنوں ایں نظام

نافی شرک است لامِ لا الٰہ
مثبت توحید صنم لامِ الٰہ

گاه مثبت نافی حرفِ لام
گاه ناظر گاه حاضر حرفِ لام

شرک و توحید از خواصِ حرفِ لام
دین اندر لا و اِلّا شد تمام

حرفِ با شد ابتدائے اسمِ ذات
اسمِ ذات آمد دلیلِ قربِ ذات

بر ارادہ جلوہ گیں شد برقِ بار
از ہدایت از ضلالت فرقِ بار

قلب شد نامیدہ امکانی ارادہ
از ارادہ امر تبدیلِ ارادہ

گاہ رنگش از ہدایت می بود
گاہ رنگش از ضلالت می بود

از دو گونہ رنگِ اراد الامان
رشدِ الحاکم نصیب ربِّ المنان

ثبتِ اقدام ز زلزالِ اراد
نصرتم یارب ز اشرارِ اراد

بر در توحید دائم تا معاد
استوارم دار با یوم التناد

نیت آمد بہرہ ور اندر عمل
عزم آمد کار مگر اندر عمل

اسمِ محمدؐ
م
م
دائرہ میم اول
م
دائرہ حرف حا
ح
دائرہ میم ثانی
م
دائرہ حرف دال
د

اسمِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عرفانِ محمدی

جسم پاک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
معناً جامع امکان ہے کیونکہ امکان کا ہر
ذرہ اسی سے فیضیاب ہے چنانچہ ذات
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رحمت عالم ہے
معناً اور اسم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
صورت معنی رحمت ہے یعنی اسم صوری
رحمت ہے اور جسم معنوی رحمت ہے
منازل قرب عام حضورؐ کی اتباع میں
ختم ہے اور رضائے ذات اقدس حضورؐ
کی محبت ذات میں ختم اور اتباع دستور
سنت وصال ہے اور شرط وجدان ورضوان
من اللہ ہے

هوالحبیب الذی ترجی شفاعته
لکلِ هول من الاهوال مقتحم

م - دائرہ میم اوّل

مالک الملک — لاہوت
ذات اقدس — احدیت
مرتبہ لاتعین

ح - دائرہ حا

صفات ذات — وحدت
جلالیت جبروتی — جبروتی
مرتبہ تعین اولی
وتمیز حقیقت
محمدی

م - دائرہ میم ثانی

اسمائے حسنیٰ — ملکوتی افعال
مقام تعارف — مرتبہ واحدیت
وتمیز

د - دائرہ حرفِ دال

مخلوق — آثار وامکان
عالم اجساد — واجساد ناسوتی
کثرت — مقام کثرت
وشہادت

اسم محمد میں پانچ الف ہیں تو اسم محمد بھی اسم ذات ہے۔

الف اوّل :- میم مدور — الف ثالث :- میم ثانی مدور

الف دوم :- حا مدور — الف رابع :- د خمیدہ

الف پنجم :- ترکیب اسم شریف محمد

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہ

کلمہ کا جزو اوّل قانون مکی ہے بلا واسطہ اور جزو ثانی مدنی ہے بالواسطہ۔

معنی محمدؐ۔ ستودہ شدہ بر اوصاف جلالی و جمالی و کمالی موہوباً و کسباً عبادت ہے عمل ہے اور توفیق ہے اور ذات مظہر جامع مظہر ہے اوصاف باری جل شانہ کا اورخلق عظیم ہے قلب سلیم ہے۔

معنی رسول اللہ :۔ نزول ہدایت مجسمہ و رحمت مصورہ الی الخلق و شرط قبول عبادت مصورہ من الخلق الی اللہ

لفظ محمد :۔ لفظ محمد نقطۂ دائرہ توحید ہے اور لفظ رسول انتہائے دائرہ توحید ہے چنانچہ رسول دو دعوتوں کا رمز ہے ایک دعوت من اللہ الی الخلق دوم دعوت من الخلق الی اللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ   رحمٰن   رحیم

یہ اسم اللہ جل شانہ کا اسم ذاتی ہے تمام اسماء کا معنوی شان ہے اسمائے جلالی اور اسمائے جمالی اِس اسم واحد کے مظاہر ہیں نہ اس سے جدا نہ اس سے یکتا۔ ہر اسم ظاہری معنوی طرف اسم ذات ہے اور صوری مظہری طرف غیر ہے لیکن مستقل نہیں بلکہ اسم ذات کا عکس ہے چنانچہ کریم اسم ہے اور کرم صفت ہے اور موصوف اس صفت سے ذات اقدس ہے تو کرم کا تعلق صفت کے ساتھ ہے اور صفت کا تعلق ذات کے ساتھ لازم ہے اور ذات واجب الذات ہے اور ذات کا اللہ ہے۔

پس دعوت دعا میں قرآنی قانون دو اسموں کا امر ہے۔ قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن
ما تحمن : پس اسم رحمٰن کے ساتھ ہر اسم کا تعلق ہے کیونکہ
نظام کائنات رحمانیتِ رحمان ہے جو صورت پذیر شدہ ہے یہ اسم رحمٰن صفت
ارادی ذاتی کا مبدء ہے یعنی تخم ارادی بے کیفی ہے اور تمام امکان بمنزلہ شجر کے
ہے جو اس کی صوری کیفی طرف ہے ارادی طرف اس کی ابتداء ہے اور طرف
ناسوتی اجساد اس کا حال ہے دنیا شہادت ہے اور طرف عقبیٰ اس کی ابدیت ہے
تو اسم رحمٰن ابتدائے امکان ہے اور توسط امکان ہے اور انتہائے امکان ہے چنانچہ
اسم ذات حاوی ہے اسم اول، اسم ظاہر اور اسم آخر پر۔ اول بھی اللہ ہے ظاہر بھی اللہ ہے
اور آخر بھی اللہ ہے اول ہے امکان سے ظاہر ہے مظہر امکان میں اور آخر ہے
امکان سے۔ اور مسئلہ معیت و قربیت اسی تعلق معنوی اور تعلق صوری کا نام ہے
کما ھو لا یخفی لیاقت معنوی اسم اللہ کے واسطے جامع صفت رحمٰن ہے، کمالات الوہیت
کے واسطے صورت پذیر اسم رحمٰن ہے لفظاً چنانچہ لفظ رحمٰن کے ادا کرنے کے وقت
آواز منہ سے باہر کی طرف جاتی ہے اور منہ کھلا رہتا ہے پس یہ صورت ادا دال ہے
ماہیت حقانی بہ دانی ذاتی پر۔ پس تمام امکان مصور شدہ اسم رحمٰن ہے۔
صورت امکانی کائنی یہ۔ اور ارادی طرف اسم رحمٰن کی دال ہے اس وجہ سے کہ دنیا
کے تمام فوائد و نفائس صفت رحمٰن کے آثار ہیں۔

نکتہ ثانی :- لفظ رحمٰن میں چار حرف ہیں حرفِ را، حرفِ حا، حرف میم اور حرفِ نون
پہلے دو حرفوں سے کلمہ رُح مرکب ہوتا ہے جس کے معنی خوشحالی، تازگی اور
مہربانی کے ہیں اور حرف میم و نون سے کلمہ مَنّ مرکب ہے۔ جس کے معنی احسان ہیں
حرف مدہ سے دوام احسان و مہربانی مراد ہے مراد اسم رحمٰن کا مفہوم محبت دائم

اور عشق تامہ ہے مخلوق کے ساتھ یہ ہے شانِ ربوبیت -
رب کے معنی منفعت دنیا اور مضرت دفع کرنا ہے بغیر عوض، بدل اور مزدوری
کے اور یہ شان رحمانیت ہے جو مخلوق کے ربّ ہیں اور مخلوق ان کی مربوب ہے -

صفت رحمان کی تربیت تمام مخلوق کے ساتھ ہے خواہ کافر ہو یا مسلمان اور جمادات ہو
خواہ شجر ہو یا ثمر ہو - یعنی ماسوی اللہ کی معاش کا دارو مدار اس صفت پر ہے اس لیے
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہر چیز کی ابتدا ہے - اس کی برکت انتہا سے
برکت ہوتی ہے واللہ اعلم -

رحیم: اس اسم کی ادائیگی میں تمدید آواز ہے اور صوت دوام اس ادا سے پیدا
ہوتی ہے گویا رحیمیت دائم وقائم ابدیت نوازی پر ہے کما ھو شان الالوھیت
پس لفظ رحمٰن اور رحیم عشق ازلی وابدی ہیں چنانچہ لوازم محبت وعشق میں نوازیدن
اور پروردن ہے اور یہ صفت لازم ذات اقدس ہے پس عشق امکان ہے اور
از عشق لامکان ہے بندہ نے اس مضمون پر نظم ذیل انعاماً موہوباً کہی ہے اور پورا
بیان اس وقت یاد نہیں - ہو اللہ الموفق -

بطور مثال عرض ہے کہ اگر کوئی شخص دوسرے شخص کو انعام واکرام دیتا ہے
تو دینے والا زیادہ خوش ہوتا ہے بہ نسبت لینے والے کے کیونکہ دینے والا محبت سے
دیتا ہے اور لینے والا حاجت سے لیتا ہے - اب اس حقیقت پر غور کرو کہ ہم نے اللہ
کی ذات کے واسطے کیا دیا ہے یا دے سکتے ہیں ظاہر ہے کہ کچھ نہیں دے سکتے مگر اس نے
ہمیں پیدا کیا گوناگوں طریقوں سے پالا ہے پھر دنیا کی تمام نعمتیں ہمارے لئے پیدا کی ہیں -
روزانہ ہمیں سامان زندگی عطا فرماتا ہے، غذا، پوشاک، رہائش وغیرہ سب ضرورتیں ہماری
پوری کرتا ہے اور عقبیٰ میں ہمارے سکون وآرام کے لئے جنت اور حور وغلمان پیدا کیے
ہیں لہٰذا حقیقت یہ ہے کہ اللہ العزیز ہم پر عاشق ہے اور ہم ناداں وناتوان معشوق ہیں جو
ان کے عشق کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے -

نظم

تنگ میدان ہست جولانِ خیالم تیز تر
رنگِ رحمٰن است اکوان عیانم تیز بر

تنگ شد فکر خیالم وسعت کاغذ کجا
مہر رحمٰن است اول تا آخر در نشو و نشر

من ز حق خنداں و حق از ما خنداں صد و چند
در حقیقت مظہر خنداں حق این بحر و بر

حق بہ ما شیدا و ما غوغائے ہجرانِ حقم
حق ز ہجراں جستجوئے ما کند لیل و نہار

پیکر آدم کہ معشوق ہست ذات عشق را
بہر تسخیر من ہست جملہ نظام خیر و شر

باوجود صد نیازی بے نیازم از جمال
عاشق سودائے ما حق ہست جویا در بدر

راہنمایان وصال و آں دلالان رسل
بہر ترغیب ہست معشوقان عالم راہبر

نقطہ رحمان پرفشان می کند نور ایمان
بے شمار است بے قطار است این غلامی سربسر

درمیان عاشق و معشوق رمز احمد است
نرم و گرم است این ہدایت پر ز نور جگر

حق نواز د مر ترا با تو نوازی مرد را
عاشقاں را خود خدا ز معشوقاں ستاں دگر

دعوئ عشق تو میدانم خطا اے بو الخطا
مہرباں عاشق بود معشوق از وے بے خبر

ناز معشوق غلام بر عاشق مولائے خود
گرچہ ناز بیا بست کردار یقینیم پختہ تر

وحشت مز من زالقائے کرم تسکین شدہ
حمد للہ الذی القالنا رشد و خبر

آں شمہ محبوکاں آگاہ راز حمدیہ
روبرو منشستہ خواندہ ایں سعید کو بکر

اس مضمون کے القا سے امید کی جانب غالب ہوئی اور نورِ رجا دو چند ہوا۔

✖

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

وابتغوا الیہ الوسیلۃ

ید اللہ فوق ایدیھم

اوّل غسل کرکے دو رکعت نفل تحیۃ الوضو پڑھے اگر مسجد میں ہو تو دو رکعت تحیۃ المسجد بھی پڑھے پھر دو رکعت نماز توبہ پڑھ کے مرید شیخ کے سامنے باادب دو زانو بیٹھے۔ شیخ پہلے خطبہ مسنونہ پڑھے اور اپنے ہاتھ مرید کے ہاتھوں پر رکھ کر اعوذ باللہ تین بار بسم اللہ شریف تین بار، اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ مِنۡ کُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ تین بار اور درود شریف تین بار ہر دو یعنی شیخ اور مرید پڑھیں پھر شیخ، مرید کو ہر گناہ سے اخلاص دل سے توبہ کرائے پھر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سنا کر اس طرح ایجاب و قبول تین دفعہ کرائے کہ یہ سلسلہ عالیہ جو اللہ تعالیٰ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے اصحاب نقشبندیہ کو پہنچا اور ان سے مجھے ملا میں نے اللہ کے حکم سے اللہ کی رضا کے لئے آپ کو دیا مرید تینوں دفعہ جواب میں کہے میں نے بصد شوق قبول کیا۔

اب تین دفعہ اللہ حاضر بے کیف حاضر کہہ کے زبان تالو سے لگائے منہ بند کرکے سانس

بند کر لے اور اشد ضرورت پر وقفہ کے بعد سانس ناک سے لے اور دل پر اسم ذات اللہ کا نقش خیالی قلم سے لکھ کر تصور سے تکرار کرے اور شیخ بھی اس نقش کو اپنے قلب سے مرید کے قلب پر لگائے تاکہ خوب تاثیر پیدا ہو جائے کم از کم سو مرتبہ ضرب لگائی جائے۔ جب لطیفہ قلب پر تاثیر ہو جائے پھر لطیفہ سر پر خیال جما کر اپنا لطیفہ سر مرید کے لطیفہ سری سے ملا دے پھر خوب غور سے تاثیر پیدا کرنے کی کوشش کرے پھر اپنا لطیفہ روحی مرید کے لطیفہ روحی کے ساتھ ملا کر خوب حضور سے فیضان ذکر اس میں ڈالے پھر اپنا لطیفہ خفی مرید کے لطیفہ خفی سے ملا کر ضرب لگائے اور ذکر کرے پھر اپنا لطیفہ اخفیٰ مرید کے لطیفہ اخفیٰ سے ملائے اور ذکر کرے پھر اپنا لطیفہ نفسی مرید کے لطیفہ نفسی سے ملائے اور بدستور ذکر کرے پھر اپنا لطیفہ قالبیہ مرید کے لطیفہ قالبیہ سے ملائے اور ذکر کر کے حوالہ رب کریم کرے اور روزانہ ایک سو مرتبہ درود شریف اور ایک سو دفعہ استغفار بتلائے اور بلا ناغہ ذکر کرنے کی تاکید کرے۔ اس کے علاوہ چالیس روز تک نفی اثبات کا ذکر اس دستور سے بتلائے کہ لا الٰہ الا اللہ نو مرتبہ اور دسویں مرتبہ محمد رسول اللہ کہے یعنی کلمہ طیبہ دو سو مرتبہ پورا کرے پھر آنکھیں بند کر کے بدستور سابق ہر نماز کے بعد مراقبہ کرے جب چالیس دن گذر جائیں تو ذکر نفی اثبات بند کرے فقط ذکر اسم ذات کرے مرتے دم تک ہر حال میں دل پر خیال رکھے واعبد ربک حتی یاتیک الیقین

نوٹ :۔ اگر مرید عورت ہو تو اس کے لطائف سے اپنے لطائف نہ ملائے بلکہ صرف خیال کرے۔ صرف نیت کر کے دور سے خیال کرنے سے فیض پہنچتا ہے نیز عورتوں کی بیعت پردہ کی اوٹ میں بیٹھا کر ہاتھ میں چادر دے کر کریں اگرچہ عورت غیر مستور ہی کیوں نہ ہو۔

لطائف کے اجراء میں دقت لگے گا۔ اور وہ وقت مشیت ایزدی اور سالک کی استعداد پر موقوف ہے شیخ اپنی کوشش اللہ کے بھروسے پر جاری رکھے گا۔

بیان لطائف

لطیفہ کے معنی غایت باریک جو ادراک میں نہیں آتا اس کی جمع لطائف ہے

تفہیم :۔ انسان کے بدن اور روح میں اللہ پاک نے دس لطائف خزینہ کئے ہیں پانچ عالم امر سے ہیں اور پانچ عالم خلق سے اللہ پاک کی ذات کے علاوہ یعنی مخلوق کو عالم کہتے ہیں۔ عالم خلق عرش معلی کے اوپر کی طرف سے لے کر تحت الثریٰ تک ہے اس عالم خلق میں چار منزلیں ہیں ۔

منزل اوّل :۔ ناسوت جو تحت الثریٰ سے آسمان اول تک

منزل دوئم :۔ ملکوت آسمان اول سے سدرۃ المنتہیٰ تک

منزل سوم :۔ جبروت ۔ سدرۃ المنتہیٰ سے عرش کے اوپر تک

منزل چہارم :۔ لاہوت عرش کے اوپر سے لے کر لا مکان تک

عالم امر وہ ہے جو ذات باری تعالیٰ کے ساتھ لازم ہے جیسے صفاتِ اسماء افعال تکوین حکم قضا و قدر، مشیت ارادہ امر یعنی حکم کرنا اور صفات ذاتی وغیرہ یعنی امر کا کیف ادراک امکان سے باہر ہے صرف امر کا اثر جو موجودات میں ہے ۔ ادراک میں آتا ہے ۔

لطائف عالم خلق تعداد میں پانچ ہیں ۔

پہلا لطیفہ لامسہ :۔ اس قوت کا تعلق ہاتھ سے ہے اللہ جل شانہ نے ہاتھ کی انگلیوں میں ایک دقیق قوت خزینہ کی ہے جسکی وجہ سے اشیاء کی نرمی سختی کا احساس ہوتا ہے ۔ لیکن یہ قوت کسی کے احساس میں مصور نہیں ہوتی ۔

دوسرا لطیفہ ذائقہ ہے قدرت نے انسان کی زبان میں ایک لطیف قوت خزینہ کی ہے جسکی وجہ سے اشیاء کی ترشی تلخی شیرینی وغیرہ کی کیفیت معلوم ہوتی ہے اور یہ اشیاء کے آثار میں بلا جسم ایک کیف ہے ۔

تیسرا لطیفہ شامہ ہے اس قوت سے اشیاء کی بدبو، خوشبو کا اثر ناک کے ذریعے دماغ

تک پہنچتا ہے لیکن صورۃ ان کی شکل معلوم نہیں ہے کہ ادراک میں اس کے اثر قبول کرنے والا حصّہ بدنی ہے ادراکی ہے اور دوسرا حصّہ غیرادراکی ہے واللہ اعلم
چوتھا لطیفہ باصرہ ہے آنکھ میں ایک قوت بینائی ہے جو دوسروں کو روشن کرتی ہے خود اس کی روشنی مستقل نہیں جو دوسروں کے ادراک میں آسکے یہ قوت صفت بصیر کی تجلی کا عکس ہے اور ان کے لیے چشم بمنزلہ مظہر اور شیشہ ہے۔
پانچواں لطیفہ سامعہ ہے قدرت کاملہ نے اس کا تعلق کان کے ساتھ کر دیا ہے۔ اس قوت کے ذریعے کان دور ونزدیک سے مطالب ومقاصد کے نکتے اخذ کرتا ہے اور معاملات ومعاشرات کو نیہ بشریہ بسر کرتا ہے یہ قوت خود غیر مدرکہ ہے ہاں اس کے آثار ادراکیہ ہیں مگر صورت پذیر نہیں۔ محض قدرت کاملہ کا عکس اور صفت سمیع کا برق ہے جو کان میں مقام پذیر ہوئی۔ ھو اللہ اعلم بحقیقۃ خزینۃ القوی فی مخزن ناسوتیہ۔

لطائف عالمِ امر

لطیفۂ اوّل قلب :۔قلب کے معنی بدل جانا۔ کبھی ایک طرف کبھی دوسری طرف اس کو ارادہ بھی کہتے ہیں اس پر صفت ارادی کی ایک برق ہے جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے چنانچہ انسان خلیفۃ اللہ فی الارض یعنی حضرت آدم کی اولاد ہے یعنی وہ اللہ تعالیٰ کے نائب تھے۔ نائب اور منوب کے درمیان ایک تعلق ہوتا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ فعّال لما یرید ہے اور انسان کو مختار خلیفہ بنایا جو تصرفات کونیہ مکانیہ کے لیئے جامع ہے اس لیئے اس نے کئی قسم کی مشینیں اور کارخانے بنائے چونکہ انسان صفات باری تعالیٰ کا ایک جامع مظہر ہے تو اس لطیفہ پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطائے عقل، عطائے علم، عطائے قہر، عطائے غضب اور عطائے حلم ہے۔
اور اسے صفات اور تجلیات کا مطلع بنایا تو اس میں نورِ یقین، نورِ عرفان، نور توحیدِ ذاتی، نور توحیدِ صفاتی، نور توحید اسمار، نور توحید افعالی، نور توحید اصلاحی نور توحید فطری، نور توحید اجتہادی، نور توحید الہامی، نور توحیدِ کسبی، نورِ توحیدِ موہوبی

نور توحید حیات، نور توحید رحمانی۔ نور توحید قرآنی، نور توحید وحی، نور توحید حضوری
نور توحید سروری، نور توحید حمدیت، نور توحید معیت، نور توحید حیاتی، نور توحید امکانی
نور توحید ارضی، نور توحید آسمانی، اللہ نور السموات والارض، نور توحید لمطامی، نور توحید
فنائی عن الخلق، نور توحید بقائی باالحق۔ یہ سب انوار از عنایت کاملہ و عطایات
شناملہ اللہ رب العزت نے انسان کے قلب پر یعنی ارادہ پروارد و نازل کئے ہیں ان کی
امری طرف جو ذات کی شان کے لائق ہے وہ ادراک سے باہر ہے اور خلقی طرف جو شہادت
یعنی ناسوت کی طرف ہے وہ ادراک پذیر ہے اس لطیف قوت کا دار و مدار قلب
پر ہے یعنی لحمی حصّہ قلبی ان کا مظہر ہے اور نوری حصّہ ملکوتی ان کا رہبر ہے چنانچہ یدبر
الامر فی السماء، وفی السماء رزقکم۔ نزول انوار از ملکوت بذریعہ حصّہ ملکوتی، حصّہ
گوشت یعنی دل تک پہنچتا ہے اور دل سے اطراف بدن تک، اور اطراف بدن سے
افعال تک اور افعال سے آثار تک واللہ اعلم

اس لطیفۂ قلب انسانی پر دو طرح کی قوت نازل ہوتی ہے ایک قوت غضبیہ
نعوذ باللہ منھا دوسری قوت رحیمہ اللّٰھُمَّ ارزقناہ برحمتك یا رحیم اور ہر ایک
قوت کا مظہر دل ہے اور دل کا مظہر بدن ہے تو فائدہ یا نقصان بدن کو ہوتا ہے
عمل بدن سے ہوتے ہیں اور بذریعہ عمل محمود آدمی کے لئے جنت ہے اور بذریعہ
عمل مردودہ و مغضوبہ دوزخ ہے نعوذ باللہ

اس لطیفۂ قلب کے ذریعے نور توحید احدیت، نور توحید وحدت نور توحید
واحدیت نور توحید حقیقت محمدیؐ نور توحید برزخ کبریٰ، نور توحید وحدت شہودی
نور توحید وحدت عینی ذاتی، نور توحید ولایت صغریٰ اور نور توحید ولایت کبریٰ تک
رسائی ہوتی ہے انسانی ارادہ کو وسعت بلیغ ہے چنانچہ ذات اقدس ارادہ میں
سما سکتی ہے اور لطیفہ قلبی قرارگاہ ذات اقدس بلا کیف ہے۔ اللّٰھم اغفر لنا ذنوبنا یا غفار

مقام لطیفۂ قلب:۔ زیر پستان چپ بفاصلہ دو انگشت مائل بطرف سینہ ہے
اس کی شکل صنوبر معکوس ہے آرام و اطمینان و جمعیت اس کے ذکر سے ہوتا ہے

نقش پذیر اسم ذات ہے دیگر اندام کو یہ رتبہ حاصل نہیں اس کا نور اصلی ہے

۲۔ دوسرا لطیفہ روح ہے اس کا محل زیر پستان راست بفاصلہ دو انگشت

جبلات قلبی اسی سے ہوتی ہے اس کے آثار ذکری، فکری، سروری، حضوری

مدرک ہیں چنانچہ قلب کے ساتھ معلق ہے اور امری طرف قدرت کاملہ کے

تصرف میں ہے بے کیف ہے اس کا نور فرعی ہے۔

۳۔ تیسرا لطیفہ سری ہے اسرار و علوم تکوینیہ، کونیہ، فاضیہ اس کے ذریعے سے قلب

پر نزول کرتے ہیں اور قلب سے بیان تک آتے ہیں ان کا کیف غیر مدرک ہے اس

کا نور بھی فرعی ہے۔

۴۔ چوتھا لطیفہ خفی امری ہے اس کے آثار ذکری مدرک ہیں اور وہ اصل نوری

قوت لطیفہ بے کیف ہے یہ آثار کسی کو اجمالاً معلوم ہوتے ہیں حساً اور کسی کو

تفصیلاً معلوم ہوتے ہیں کشفاً

۵۔ پانچواں لطیفہ اخفیٰ :۔ جو درمیان سینہ محل فم معدہ بعض کے نزدیک موخر دماغ

ہے بہر حال جو علم الٰہی کے ساتھ ان کا تعلق ہے اور بدن میں ان کے آثار انوار اور

انوار اور تجلیات نازل ہوتے ہیں۔

عالم خلق اور امر عالم امر کے کل یہ دس لطائف ہوتے ہیں

گیارھواں لطیفہ قالبیہ بدنیہ

جب بدن ذکر سے معمور ہو جاتا ہے اسے سلطان الذکر کہتے ہیں۔ واللہ اعلم

بحقیقۃ الحال، استغفر اللہ عن التقصیر

ان گیارہ لطائف کو حقیقت جامعہ انسانیہ کہتے ہیں یہ مظہر الوہیت ہے

ان لطائف کے انوار مختلف رنگوں میں ہوتے ہیں۔

لطیفہ قلب حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے قدم کے نیچے ہے یعنی منسوب

اس کا آدم علیہ السلام ہیں۔ لطیفہ روحی حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ کے زیر قدم

ہیں از روئے مشرب لطیفہ سری حضرت موسیٰؑ کے زیر قدم ہے از روئے مشرب اور لطیفہ خفی زیر قدم حضرت عیسیٰؑ ہے اور لطیفہ اخفیٰ زیر قدم مبارک حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور محمدیؐ مشرب سے موصوف ہے۔

اقسام انوار:۔ انوار چار قسم کے ہیں جلالی، جمالی، کمالی، شنعتی

۱۔ جلالی نور والا جذبہ، سُکر بے ہوشی پیدا کرتا ہے۔

۲۔ جمالی نور والا ہوش میں رہتا ہے موافق شریعت ہوتا ہے اس پر حال غالب نہیں ہوتا۔

۳۔ کمالی نور کی رفتار بلاتکلف ہے اس میں ہضم ہے۔ سراسر شریعت، سُنت و اطاعت ہے۔

۴۔ شنعتی نور میں جذب، جزع فزع اور تڑپنا پھڑکنا بہت ہوتا ہے۔

مریدِ صادق کو ان چار انوار میں سے ایک نہ ایک ضرور ملتا ہے اور خلیفہ کو دو نور ضرور دد بیعت ہوتے ہیں اور وہ جلالی اور جمالی ہیں تاکہ مقام خلافت میں ارشاد کے اثر سے خوف و رجا پیدا ہو جائے یہ دونوں وصف ایمان کے محافظ ہیں اور ایمان کی حفاظت کرنا ضروری ہے شریعت کی اصطلاح میں ان دو اوصاف کو خوف و رجا کہتے ہیں اور تصوف کی اصطلاح میں جلالیت و جمالیت۔ واللہ اعلم حقیقۃ الحال

ذکر، فکر، حضور، سرور

ذکر:۔ الفاظ کے تکرار کو کہتے ہیں جیسے اسم ذات کا تکرار

فکر:۔ صفات الٰہی میں دھیان اور تصور ہے جیسے رحیم، کریم، باقی، دائم وغیرہ صفات کا تصور ذات اقدس میں کرنا۔ یہ صفات شایان ذات قادر مطلق ہیں ان میں کوئی شریک نہیں اور اجمالاً ان کا مفہوم کلمہ طیبہ میں ہے۔ فکر کے وقت یہ مفہوم ملحوظ رکھیں۔

حضور:- حضور یہ ہے کہ ذکر کا ارادہ اس طرح کریں کہ میں ذات اقدس کو دیکھ رہا ہوں یا وہ مجھے دیکھتے ہیں۔ حاضر ناظر سمجھنا روحی ذکر ہے جس کی تعبیر وصل و قرب سے ہوتی ہے اور استحضار و بیداری کو بھی حضور کہتے ہیں۔

سرور:- وہ کیفیت ہے جو حضور کے بعد دل میں پیدا ہوتی ہے اس کے اثر سے خوشی ہوگی یا حزن ہر کیفیت دوسری سے لذیذ تر ہے دل میں تازگی اور فرحت ہوتی ہے یہ کیفیت دل سے تجاوز کر کے بدن پر جذب مستی یا فنا کی کیفیت پیدا کرتی ہے اس کو صوفیا کی اصلاح میں ذوق کہتے ہیں اس کیفیت کو صاحب ذوق ہی خوب جان سکتا ہے ان کی خلقی طرف بدن ہے اور امری طرف نزول تجلیات جلالی وجمالی ہے یہ ذوق کسی کو اجمالاً نصیب ہوتا ہے کسی کو تفصیلاً اس کی اصل تجلیات صفاتی ہیں یا تجلیات اسماء یا تجلیات افعالی اور تجلیات ذات کی تاب کسی میں نہیں ہے ہاں اتنی بات ہے کہ ذاتی تصور یا محبتِ محضہ ذاتیہ یعنی معائنہ کا نام تجلی ذاتی رکھ لیتے ہیں۔ یعنی ذات اقدس کو ظاہر، حاضر تصور کرنا ذاتی ظہور ہے ارادہ ذاکر میں گویا فاکر ذاکر کی طرف تجلی ہے بخلاف تجلی ذات اقدس کے کیونکہ جو انوار ادراک میں آتے ہیں وہ سب مخلوق ہیں یعنی صفات اور اسماء کا عکس ہے۔

پس انوار والوان جو ذاکر کے خیال میں آتے ہیں مخلوق ہیں۔ مخلوقی انوار کو ذاتی انوار کہنا بے وقوفی ہے۔ بہت سے کچے نادان صوفی اسی پیرایہ میں گفتگو کرتے ہیں۔ نتیجہ یہ کہ مخلوق کو خالق کہتے ہیں نعوذ باللہ منہا۔ خوب سمجھ لیجئے کہ جس چیز کو ایسے لوگ دیکھتے ہیں اور خدا سمجھتے ہیں وہ ذات اقدس نہیں ہے یہ تو اپنے ارادہ کا عکس ارادی عزمی ہے چنانچہ دل میں ارادہ ہوتا ہے پھر شوق بڑھتا ہے کہ اللہ کو دیکھیں اس کا دیدار ہو جائے تو یہ ارادہ عالم ملکوت میں مصور ہوتا ہے نور سے ایک تصویر بن جاتی ہے

اس کو خدا کہنا کفر ہے مگر کیا کیا جائے غلط تربیت کیا رنگ لاتی ہے۔

عالم ملکوت کا یہ خاصہ ہے کہ اس میں انسانی ارادہ کا عکس پڑتا ہے جس طرح آئینہ میں چیز کا عکس نظر آتا ہے اسی طرح نظر مکاشفہ سے اپنے ارادہ کے اس عکس کا ادراک ہوتا ہے جو عالم ملکوت میں پڑ رہا ہے اور انسان اپنے ارادۂ دیدار الٰہی کو ملکوت میں بقوت نظر ملکوتی کشفی دیکھتا ہے اور غلط تربیت کی وجہ سے اسے ذات اقدس سمجھتا ہے۔ حالانکہ اقدس کے معنی یہ ہیں کہ ادراک انسانی سے باہر ہے کیف چگون وچون سے پاک ہے لیس کمثلہٖ شیئ

بخدا کہ رشکم آید ز دو چشم روشنِ خود — کہ نظر دریغ باشد بہ چنیں لطیف روئے

خلاصہ یہ کہ یہ ذکر کے انوار ہیں جو نظر آتے ہیں ذکر کے دو پہلو ہیں ایک طرف ناسوتی خلقی جو انسان ذاکر کی زبان اور دل ہے دوسری طرف امری جو ذکر کا معنی یعنی اسم کا مسمی ہے ناسوتی طرف ادراکی کیفی ہے اور امری طرف غیر مدرک ہے صرف بذریعہ تجلیات اس کی تربیت ہوتی ہے اس تربیت کا اثر بدن سے ظاہر ہوتا ہے اس کو تجلی تمثیلی کہتے ہیں رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین۔

المقصود: جب ذکر و فکر پختہ ہو جائیں اور دوام و قرار دل میں مقام کریں تو آگے درجات مقامات شروع ہوتے ہیں انکو سیر الی اللہ کہتے ہیں۔

مقام اوّل:۔ سلطان ذکر ہے غلبہ ذکر سے تمام بدن بال بال تک ذاکر ہو جاتا ہے اور قسم قسم کی کیفیات و واردات طاری ہوتی ہیں لذت در لذت، سرور در سرور، تازگی در تازگی اور سکر در سکر ہے اللّٰھم ارزقناہ

مقام دوم قلب فنا:۔ اس مقام میں علائق بشریت سے انقطاع ہو جاتا ہے اور دل ذکر و فکر میں یکسوئی حاصل کرتا ہے اور شریعت غرا کا اطاعت پذیر ہوتا ہے عملاً و علماً۔ فنا دو قسم کی ہوتی ہے ایک فنائے ناقص جسمیں ذاکر اپنی فنا کو محسوس کرتا ہے

دوسری فنائے نامہ کہ ذاکر کو اپنی فنا کا احساس نہیں رہتا اس کو فنا الفنا کہتے ہیں اس کی مثال یوں ہے انسان کو جب نیند آتی ہے تو اسے نیند کا احساس ہوتا ہے جب گہری نیند سو جائے تو نیند کا احساس نہیں رہتا اسی طرح فنائے ناقصہ میں غلبہ حال سے آگاہی ہوتی ہے اور فنائے نامہ میں اس سے آگاہی نہیں رہتی۔ اس حقیقت کا فہم کسی عارف کی صحبت سے ہی حاصل ہو سکتا ہے یہ چیز ذوقی ہے بیانی نہیں ......

مقام سوم قلب بقا :۔ ارادہ قلبی اللہ کے احکام کے ساتھ اور محبت و تقویٰ کے ساتھ رہتا ہے ہر قدم اور ہر دم میں ذکر میں شاغل ہوتا ہے۔ عالم باعمل ہوتا ہے تصوف میں فنا و بقا کا مقام بڑا بلند ہے بقا کو سیر مع اللہ کہتے ہیں قلب بقا کو ولایت کبریٰ کہتے ہیں۔

مقام چہارم سیر نفس :۔ یہ نفس کی رفتار ہے اپنی خواہشات کو چھوڑ کر اطاعت کی طرف روانہ ہوتا ہے نفس ایک قوت غضبیہ سبعیہ ہے جو صفات جلالیہ قہریہ ضالہ جبارہ کا عکس مجسم ہے اور مائل بطرف نزول ہے جس کا ذریعہ اعمال شرکیہ کفریہ کبریہ ہیں چنانچہ امارہ بالسوء اس کا نام لقب وصفت ہے مگر اطاعت وعبادت سے اس کی اصلی صفت بدل جاتی ہے کثرت ذکر سے مطمئن ہو کر یا تابع ہو جاتا ہے یا مسلمان اگر مسلمان ہو گیا تو امن در امن ہے مگر سرکشی ہونے کا خطرہ ہے العیاذ باللہ العزیز الغفار

یہ مقام بڑا سخت ہے کیونکہ نفس کا اپنی ہوا و ہوس سے خدا کی اطاعت تک جانا صرف تائید ربانی ہوتا ہے یہ موہوبی، امدادی کسبی ہے۔ کسب معاون ضرور ہے مگر کافی نہیں۔ کامیابی اللہ پاک کے حول اور قوت اور ہدایت سے ہوتی ہے اور فنائے نفس کے مقام تک انسان پہنچتا ہے۔

تعریف فنا :۔ از فضا آئینہ چینی شکست۔ خوب شد سامان خود بینی شکست

تصارف نفس :۔ نفس کے سات درجے ہیں۔

۱۔ مغضوبہ :۔ امارۃ بالسوٓ اس کا تصرف کفار فجار، اہلِ نفاق اور اہل فسق پر ہے
اہل توحید اور اہل اطاعت اس کی دسترس سے بعید ہیں العیاذ باللہ العلیم
ثُمَّ رَدَدْنَاہُ اَسْفَلَ سَافِلِیْنَ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا ۔

۲۔ مرحومہ (لوامہ) جب نفس پہ اللہ العزیز کی طرف سے عکس صفت ہادی یعنی تجلی
ہدایت کا پر تو پڑ جائے تو اس عکس سے قلب پر یعنی ارادہ پہ ایک نقطہ نور و رحمت
نزول کرے اور اپنے آپکو اللہ رب العزت کے روبرو ملامت کرے اور راہ مستقیم
کا طالب بن جاوے وسائل و ذرائع قرب و رضا کا طالب بن جائے اور حق و باطل
میں تمیز کرے۔

۳۔ ملہمہ :۔ وہ نفس ہے کہ ہر کام میں اس پر ارادہ نزول رحمت ہوتا ہے کہ فلاں
کام نا جائز ہے فلاں نا جائز ہے آگے اس کا اختیار ہے کرے یا نہ کرے گویا علماً
مطیع ہے عملاً مختار ہے استغفر اللہ الغفار۔
اس کا ملکوتی نوری حصہ میلان الی الحق ہے اللھم ارزقناہ۔ اور ناسوتی شیطانی
حصہ میلان الی الباطل ہے العیاذ باللہ العزیز الغفار

۴۔ مطمئنہ :۔ نفس کا اطمینان پذیر ہونا، مقام پذیر ہونا، ماورائے سے جمعیت ہونا اور
معیت باللہ العزیز ہونا تصوف کی اصطلاح میں حضور کہلاتا ہے جو ضد ہے غیوب
محجوبہ کی۔ یہ مشاہدہ صفات در ذات و معائنہ ذات باکمالات ہے۔ حضور سے مراد
یہ ہے کہ ایک لمحہ بھی تصور فکر و ذکر سے خالی نہ ہو اور سنت رسالت میں منہمک
ہوتا ہے اس کو ہر وقت میلان در رجوع الی اللہ ہوتا ہے۔ اور نور شریعت
سے منور ہوتا ہے اور یہ اطاعت رسول اللہ ہے صورۃً و سیرۃً۔

۵۔ نفسِ کاملہ :۔ نفس کو اللہ جل شانہٗ کی طرف سے نور کمالی از تجلیات صفاتی کمالی
ہوتا ہے اور اس کی تربیت نور کر یمانہ سے ہوتی ہے قلب ارادہ اور جسم نور سے

بھر جاتا ہے۔ دوسروں کو منور کرتا ہے فیوضات باطنی نوری سے مرشدِ ہدایت بن جاتا ہے اور خدمت خلائق کا ایک ذریعہ بن جاتا ہے یہ نفعاً و خیراً و رشداً نائب و خلیفہ حق ہوگا (یہ بسیر من اللہ ہے)

۶۔ **راضیہ مرحومہ**:۔ جب نعمت انوار کمال سے اسے پالا جاتا ہے تو نفس شاکر ہو جاتا ہے مصیبت ہو خواہ راحت ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے راضی ہوتا ہے دنیا کی تکالیف اس کی نگاہ میں معدوم ہو جاتی ہیں اور اسے رضا بالقضا کا مقام حاصل ہو جاتا ہے۔

؎ بہ جرم عشق تو ام می کشند غوغائے ست۔ تو نیز بر سر بام آکہ خوش تماشائیست

۷۔ **مرضیہ مرحومہ**:۔ یعنی اللہ پاک اپنے فضل وکرم کو اس کے لئے مشعل راہ بنائیں اور اس کے ذریعے اسے قرب عطا کریں فضل وکرم کا یہ ذریعہ تقویٰ او رعمل صالح ہے۔ اور حضور مشاہدہ ہے اور فنا عن الھویٰ ہے اور بقا مع اللہ ہے ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

نفس ہامان است دستورش گذار   نفس خامار است نزدیکش گذار

مقام پنجم: حقیقت قرآن :۔ اللہ تعالیٰ امتثال امر او راجتناب نواہی کو اپنی صفت قرآنی کے ذریعے جو جملہ علوم، جملہ فیوضات و برکات کی جامع ہے قلب انسانی پر تجلیات قرآنی جلالی و جمالی نازل فرماتا ہے تو وہ قلب کو ہر طرف سے گھیر لیتا ہے یہ نور بہت بھاری ہے چنانچہ ارشاد ہے ہدًی للمتقین الخ

مقام ششم حقیقت کعبہ:۔ اللہ پاک انسان کو انوار و تجلیات کعبہ سے معمور فرماتے ہیں حقیقت کعبہ کا عکس قلب پر پڑتا ہے اور قلب ذاکر و فاکر قبلہ روحانی بن جاتا ہے اکثر اہل سلوک کو نظر آتا ہے درحقیقت یہ انوار کعبہ قلبیہ ہیں اگر سیر نفس میں نفس مسلمان نہ ہوا ہو تو حقیقت کعبہ میں مسلمان ہو جاتا ہے اگر یہاں بھی نہ ہو تو پھر حقیقت حیرت میں مسلمان ہو جاتا ہے۔

مقام ہفتم حقیقت صلوٰۃ:۔ نماز صورتاً تعظیم ہے اس تعظیم سے اللہ پاک انسان

بر از روئے ربوبیت و تربیت انوار نازل فرماتا ہے اس کے لئے سر در حضور نیازی زیادہ کرتا ہے اور قوت عبادت بدنی و روحانی عطا فرماتا ہے اسی کو توفیق کہتے ہیں یہ صفت عظیم کی تجلی کا عکس ہے یہ مظہر کبریائی ذات ہے۔

مقام ہشتم حقیقت دعوت:۔ اس مقام میں اللہ پاک سالک کو قوت ارشاد و قوت تلقین عطا فرماتے ہیں یہ قرب کا عنایتی مقام ہے اور خلافت تصرّفی مقام ہے کہ قلوب مردہ اس مقام کے فیض سے زندہ ہوتے ہیں اللہ پاک کی طرف دعوتِ انوار ہیں اور انسان ان انوار کو باذن اللہ مخلوق طرف لاتا ہے اور مخلوق میں تقسیم کرتا ہے اسی کو فیض کہتے ہیں فیض کے معنی عکس تجلیات کے ہیں جو مرشد کے قلب پر نازل ہوتا ہے وہاں سے مرید کے قلب پر آتا ہے یہ قلب مرشد کا عکس ہوتا ہے جو مرید کے قلب میں مقام پذیر ہوتا ہے۔ من اللہ العزیز الحکیم۔

۹۔ مقام شہود:۔ یہ ایک نقطہ ہے کہ دل پر اس کا نزول ہوتا ہے اس قوت موہوبی کی برکت سے انسان ذات اقدس کے حضور حاضر و ناظر رہتا ہے اور خوف و رجا کے ساتھ تصرف صفاتی کرتا ہے۔ یہ روحی ذکر کا ثمرہ ہے ہر اسم اور ہر صفت کی تفصیل حقیقتِ محمدیہؐ کے اجمال سے شروع ہوتی ہے ذات اقدس میں صفات اجمال میں تھیں جس کا نام شیون ہے کیونکہ مظہر کوئی نہ تھا جس وقت حقیقت محمدیہؐ ان صفات کا مظہر بنی تو تفصیل شروع ہوئی چنانچہ خالق رازق حافظ وغیرہ صفات میں تمیز باعتبار مظہر ہو گئی گویا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بمنزلہ تخم اور عالم مثل شجر ہے حقیقت محمدیؐ بذر ہے۔ اور تمام امکان شجر ہے یعنی حقیقت محمدیؐ رحمت عالم ہے بذا رمز لولاک الخ

۱۰۔ مقام حیرت:۔ یہ کمال معرفت کا مقام ہے یہاں سالک، ذات بے کیف بے این بے چون و بے گون کا محب اور عاشق بن جاتا ہے یہ محبت محض قوت ایقانی ہے اس محبت محضہ ذاتیہ کا دار و مدار مقام ایقان پر ہے جو ارادہ قوی اور عزم پختہ کا جوہر

تصرفی ہے کہ ذات اقدس بے کیف کو سما سکتا ہے یہ قوت انسان کے بغیر کسی میں نہیں
یہ ایک خصوصی صفت اللہ رب العزت نے انسان کو عطا کی ہے یہ ذوقی چیز ہے انسان
اسی کی بدولت مسلمان ہوتا ہے اسی کا نام عقیدہ ہے یہ نور یقین کے ساتھ تعلق رکھتا ہے
جو اندرون قلب ہے اس کا مقام سویدا ہے۔ جو قلب کے جوف یمنی کے راست کی طرف
ہے واللہ اعلم۔

۱۱۔ **حقیقتِ احمدی صلی اللہ علیہ وسلم:**۔ تمام عالم کی اصل اور بنیاد ہے اسکو خلق اور
خالق کے درمیان برزخ کبریٰ کہتے ہیں یہ جبروت ہے جو صفات باری کی تفصیل کا مقام
ہے کیونکہ یہ حقیقت احمدی جامع ہے صفات باری تعالیٰ کی اور عالم علوی میں رحمت
ہے عالم کی چنانچہ احمدؐ ملکوتی نام ہے اور محمدؐ ناسوتی نام ہے۔

۱۲۔ **حقیقت محمدیؐ:** حقیقتِ احمدی سے یہ نزول بہ صورۃ محمدیؐ ہے بہ رحمت مصورہ
نازلہ ہے اور ایمان کا جزو ثانی یعنی محمد رسول اللہ اور اطاعت کا لازمی امر ہے اسکی بدولت
وصلت اصل امکان ہے یعنی رسائی ذات اقدس بواسطہ محبت رسول اللہ بہ فنا فی
الرسول ہے۔

۱۳۔ **حقیقت معرفت صفات:**۔ عارف کی فکر صفات باری تعالیٰ تک پہنچتی ہے
یہ مقام تعارف ہے جو لازم ذات ہے اور قدیم ہے اس کے انوار و تجلیات تمام امکان کے
ساتھ تعلق رکھتے ہیں بلکہ نظام امکان ان سے جاری ہے۔

۱۴۔ **حقیقت معرفت ذات بالواسطہ:**۔ سالک کا مقصود یہی ہے تاکہ رضائے باری تعالیٰ
جل شانہ حاصل کرے اور اپنے آپ کو واجب الذات کے سامنے نابود سمجھے۔

۱۵۔ **حقیقت معرفت ذات بلا واسطہ:**۔ توجہ الی اللہ معائنتاً بلا واسطہ اسماءُ صفات۔
ارادۃً و حضوراً و خیالاً و عزماً و عشقاً یعنی فعال بالغیب یعنی فعال حقیقی بذات
کہ عبارت از قضا بالرضا۔ اللھم ارزقنا بکرمک یا کریم وھو ثمرات الدوام الحضور

سیر (الی اللہ) کے چار درجے ہیں

۱- **ناسوت** :- عالمِ اجساد ہے۔

۲- **ملکوت** :- عالمِ ارواح و عالمِ مثال ہے۔

۳- **جبروت** :- مقامِ اسمار وصفات ہے۔

۴- **لاہوت** :- مقامِ ذات ہے

یہ تمام منازل اسم ذات میں ختم ہوتے ہیں چنانچہ ناسوت ذاکر ہے ملکوت ذکر اسم ذات ہے جبروت فکرِ صفات ہے اور لاہوت حضورِ ذات اقدس ہے اور حرف ہمزہ اسم ذات سے ناسوت ختم ہوتا ہے لآم سے ملکوت - مدلام سے جبروت اور حرف ھا سے لاہوت یعنی لقائے ذات اقدس تک رسائی ہوتی ہے یعنی تمام منازل صرف ایک اسم ذات اللہ میں ختم ہیں اگر یکتائی وحضوری ہو۔

"**نقطہ وصل**" :- حق تعالیٰ جل شانہٗ اور ناسوت کے درمیان تین ارواح وسیلہ ہیں - روح حیوانی، روح نباتی اور روح جمادی - روح حیوانی کا ارادہ اختیاری ہے- قرار اور سکون کے اعتبار سے کسی پر طبیعت غالب ہے جیسے درندے اور جملہ بہائم یہ غیر مکلف ہیں کسی پر قانون آسمانی کی متابعت غالب ہے یہ مکلف ہیں جیسے جن وانس ان کے لئے اختیاری عبادت میں کسی درجے قرب ورضا حاصل کرنا ضروری ہے۔ فطری ثنا و تسبیح کافی نہیں اس کا علمی اور عملی دارو مدار قانون آسمانی یعنی قرآن اور فیضان مدنی یعنی سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ہے - روح نباتی اور جمادی کے لئے ارادہ اختیاری نہیں ان کی عبادت فطری اور حالی ہے ان کا ہر جزو گویا لسانِ ذکر و تسبیح ہے اور الوہیت کا مظہر ہے اگر انسانی کا ارادہ تعلق باللہ ہو جائے اور یہ دوام پذیر ہو تو وصل وعبادت اور قرب و توحید حاصل ہو جائے بقا باللہ اسی کا نام ہے

ارادہ :- ارادہ کے دو پہلو ہیں ایک امری دوسرا خلقی - امری طرف قبضۂ قدرت

ہیں ہے بے کیف اور غیر مدرک ہے خلقی طرف ناسوت ہے جس کے آثار کا دار و مدار قلب انسانی پر ہے اس لئے ارادہ ایک تو آثاری مخلوق ہوا دوسرا امری ذاتی اللہ کا ظاہر ہونا ارادہ میں ہے اگر توحید کا حال غالب ہو جائے اور یکتائی حال بن جائے تو ارادہ اللہ ہی اللہ بن جائے گا اس کو بیداری، حضوری، ہوشیاری اور نگاہ داری کہتے ہیں وحدت الوجود ارادہ یکتا کا نام ہے یہی محویت ہے جیسے رنگ کو پانی میں حل کر دیا جائے تو صرف پانی ہی پانی رہ جاتا ہے رنگ جدا نہیں ہو سکتا یہ تعلق ہوتی عشقی ایقانی وصلی، مقصودی ہے یہی معنی ہیں اسم الظاہر کے۔

ولایت کے شیون :- ولایت درحقیقت نیابت نبوت ہے اور نبوت میں مختلف شیون ہیں اس سے کسی ولی کو علی قدم عیسیٰ ؑ، کسی کو علی قدم موسیٰ ؑ حسب اختلاف شیون کہا جاتا ہے اور یہ سب شیون حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شیون کے القاب ہیں حضور ؐ ان سب شیون کے جامع ہیں پس جسکو آپ کی شان ملقب بہ شان موسوی سے فیض ہوا اسکو علی قدم موسیٰ ؑ اور جس کو شان عیسوی سے فیض ہو اس کو علی قدم عیسیٰ ؑ سے تعبیر کیا جاتا ہے نسبت موسوی، شیون محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام میں سے ایک شان ہے اسی طرح باقی نسبتوں کا حال ہے

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ ولایت کا پہلا درجہ جو مرتبہ قلب ہے حضرت آدم کے قدم کے نیچے ہے اس درجے والے کو آدمی المشرب کہتے ہیں ربانیت کا دوسرا درجہ مقام روح ہے جو حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اور حضرت نوح علیہ السلام بھی اس میں مشارکت رکھتے ہیں اس درجے والے آدمی کو ابراہیمی المشرب کہتے ہیں۔

تیسرا درجہ مقام سر ہے جو حضرت موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اس درجے والے کو موسوی المشرب کہتے ہیں۔

چوتھا درجہ مقام خفی ہے جو حضرت عیسٰی علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے زیر قدم ہے اکثر ملائکہ بھی حضرت عیسٰی کے ساتھ اس مقام میں مشارکت رکھتے ہیں۔
اس مقام والے کو عیسوی المشرب کہتے ہیں۔

پانچواں درجہ مقام اخفی ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیر قدم ہے اس درجے والے کو محمدی المشرب کہتے ہیں۔

غلبۂ حال:۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے بجلی کی تار کہ اصلاً حرف تانبہ کی تار ہے جب اس کو بجلی گھر سے جوڑ دیا جاتا ہے اور بجلی کی رو اس میں داخل ہو جاتی ہے تو یوں کہیے کہ بجلی گھر نے اس میں اپنا حال وارد کر دیا اب یہ تار محض تانبہ کی تار نہیں بلکہ بجلی گھر کے حال کی مظہر بن گئی اور حال ایسا غالب ہوا کہ کرنٹ ہی بن گئی۔ حال غیر اختیاری موہوبی ہے کسبی نہیں ہے۔ اسی طرح جب ملکوتی قوت ناسوتی قوت پر غالب آجاتی ہے تو ناسوت پر ملکوت کا غلبہ حال ہو جاتا ہے اور ناسوت گویا نہ ہونے کے برابر رہ جاتا ہے ناسوتی صفت فنا ہو جاتی ہے یہی غلبۂ حال ہے اور اسی کو وحدت الوجود کہتے ہیں۔

بر سر دار از لب منصور می آید صدا	این فقیہاں محرم اسرار بودے کاشکے
اللہ اللہ کن کہ اللہ می شوی	این سخن حق است واللہ می شوی

حقیقت عبادت

تصور میں مدام رہنا عبادت اسکو کہتے ہیں	خودی کو چھوڑ کر جانا ریاضت اسکو کہتے ہیں

مقام تعارف صفات

۱۔ ایں نظام کائنی زدر صفات	شور اسما است اندر کائنات

دنیا کا تمام نظام صفات باری تعالیٰ کی طاقت سے ہے اور اسماء کا تعلق ہر چیز کے ساتھ ہے۔

۲۔ مظہر ذات است اوصاف کمال	مظہر اوصاف اسماء جلال

حقائق و معارف

ہر چیز کی ایک صورت ہوتی ہے اور ایک اس کی حقیقت سطح بین نگاہیں اشیاء کی صورت پر ہی اٹک کے رہ جاتی ہیں لیکن اللہ تعالیٰ جسے نگاہِ حقیقت شناس عطا فرما دے وہ صورت سے کبھی دھوکہ نہیں کھاتا اور اشیاء و الفاظ کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہو کر ایسے گوہر آبدار ڈھونڈ لاتا ہے جنکی آب و تاب حقیقت کے متلاشی اذہان دارواح کے لئے سامان طمانیت بنتی ہے جبھی تو کائنات کے سب سے بڑے حقیقت شناس (فداہ ابی و امی) کی زبان مبارک سے اس قسم کے الفاظ سننے میں آتے رہے۔ اللھم ارنا الاشیاء کما ھی

اس باب میں تصوف و سلوک کے وہ اسرار و معارف بیان ہوں گے جو حضرت شیخ مکرم نے کبھی محفلِ ذکر میں کبھی خطوط کے جواب میں اور کبھی علمی مجلسوں میں بیان فرمائے۔

۱۔ طریقت کا دار و مدار تکمیل شریعت پر ہے اور یہ صدق ارادہ پر موقوف ہے

منزل طریقت:۔ انانیت امکان ہے درگذر ہے عارف عبدالقدوس گنگوہیؒ فرماتے ہیں

بجیست قدسی فقیری در فنا و در بقا
خود بخود آزاد بودی خود گرفتار آمدی

طریقت:۔ رستہ بتاتا ہے قلب سے اللہ تک اور اس راستے پر چلنا ہے۔

بیعت:۔ اپنے آپکو اس مقصد کے حصول کے لئے فروخت کر دینا ہے

اس راستے میں تین منزلیں ہیں منزل اسماء، منزل صفات، منزل ذات اور اسباب سفر تین ہیں اتباع سنت ذکر دوام اور مشقت و جہاد

۲۔ لقائے دوست تمنائے دوست تعلیم و تعلم یعنی اشارت و بشارت ہے اشارت ہے تعلیماً موہوباً یعنی وصل و قرب یزدانی ذاتی صدق ارادت باطن ہے و دد ارادہ بغیر مقصود چیزے دیگر از دولت نباید۔ ارادہ یکتا داشتہ باشد تا موصوف بہ صفت عشق گردد یعنی تمنائے ذات کہ عبارت از مشاہدہ و معائنہ است پس بشارت ہے وصل پر اور اشارت ہے تعلیم تمنا پر۔

۳۔ تصفیہ قلب کے واسطے تجلی نور اسم جلال ضروری ہے علی الدوام اور اس دولت عظمی کے واسطے توجہ التفاتی و فکر لقائی جانبین شرط ہے تاکہ فائدہ و استفادہ کا احساس ہو جائے۔

۴۔ علم شریعت سبب قرب ہے اور علم طریقت دعوت قرب ہے اور علم حقیقت منزل قرب ہے اور حصول قرب کے لئے استاد ماہر کامل کی ضرورت ہے۔

۵۔ اگر اتباع سنت نصیب ہو تو شریعت کے اعتبار سے صفائی قلب ہو جاتی ہے اور طریقت میں صفائی قلب ترک لایعنی ہے بر کسب سے ہوتا ہے اور حقیقت میں صفائی فنا از قوائے خود ہے اور بقا بہ قوائے قوی اقدس ہے بالواسطہ یا بلا واسطہ

۶۔ توجہ دو قسم کی ہے علمی و عملی۔ علمی توجہ ذریعہ قرب الٰہی ہے اور عملی توجہ عین قرب و رضائے الٰہی ہے چنانچہ واسجد مقام عبدیت ہے اور واقترب مقام منظوریت و مقبولیت ہے اللھم ارزقناہ بحرمت سید الابرار

پس توجہ الی العبادت ذریعۂ توجہ قرب ہے اور توجہ قرب مقام احسان و حضور ہے اور توجہ احسان حضور و دوام و تعلق تمام با ذات اقدس جل شانہ انتہائے شریعت و طریقت و عبدیت ہے اور عبدیت عظمت حقیقت و جلالت الوہیت ہے الوہیت مقام جبروت ہے یعنی ذات جل شانہ، صفات جل شانہ، و اسماء جل شانہ و افعال جل شانہ، باہم بکدیگر ظاہراً و مظہراً، خالقاً و مخلوقاً عبدیتہً و تربیتہً مقام جبروت ہے۔ اور ملکوت مقام

افعال امراً اور ناسوت مقام آثار امکاناً وجوداً وشہوداً - اور لاہوت مقام ذات اقدس یعنی ذات ذاتِ اقدس ہے اور ذات ذات اقدس مقام تقدیس ہے تقدیس مقام حیرت، وحیرت مقام عشق وعشق مقام بقا، وبقا مقام حیات ابدی اللھم ارزقناہ -

۷ - **رضائے حق کا طریقہ** :- رضائے حق، وصول الی اللہ موہوبی ہے - اور فضلی وہدایتی، عنایتی، عطائی اور کسبی بھی ہے مگر کسبی اس قدر کہ جملہ احکام اسلام کی تعمیل یہ ذرائع وصول کے ہیں اور ان ذرائع کی توفیق من اللہ ہے پس جس عمل کی توفیق دیں وہ فضل وعطا ہے کما ہو خلاصۃ الاسلام - پس ذرائع کے لئے بھی ایک آلہ ہے وہ وہ آلہ اصلاح نفس ہے اصلاح نفس کے دو طریقے ہیں

ایک آسان ایک مشکل آسان یہ کہ اپنا احتساب کرنا - کہ میرا فلاں عمل خراب فلاں نیت خراب یعنی اپنے عیوب ثابت کرنا اور دوسروں کی نیکی، صفائی اور کمالات ثابت کرنا ہے مشکل طریقہ یہ ہے کہ جو لوگ آپ سے ضعیف اور ذلیل ہیں ان کی عزت کرنا احترام کرنا اور تمام مخلوق سے اپنے آپکو ذلیل اور گنہگار خیال کرنا - جب نفس کی تادیب کی جائے تو امارت، تکبر سرکشی فسق وفجور، ناز، عجب، ریا، سمعہ، اشاعت بدعت کو چھوڑ کر مطیع بن جائے پھر اطاعت کے ذریعے لوامہ ملہمہ، مطمئنہ، کاملہ، راضیہ، مرضیہ کے درجات حاصل ہونگے - مرضیہ سے آگے آخری درجہ ہے جو رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو حاصل تھا وہ عبدیت ہے چنانچہ فادخلی فی عبادی سبحان اللہ عبدیت کی بلند شان ہے خطاب عبادی پر غور کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ عین رضائے ذات اور قرب ذات ہے اللّٰھم ارزقناہ

رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا خطاب ہے عبدہٗ ورسولہ - عبد کا خطاب رسول پر مقدم ہے -

۸ نفس کو لوگ کافر کہتے ہیں۔ یہ بڑا جرم ہے کیونکہ نفس اگر اختیاری مسلمان نہ ہو تو فطری ضرور ہے اور اجزائے بدن انسانی نفس سے خالی نہیں اور تمام بدن مثلاً نماز پڑھتا ہے۔ روزہ رکھتا ہے۔ تلاوت کرتا ہے۔ پھر نفس کیسے کافر ہوا اور مظلم کیسے ہو سکتا ہے۔ ہاں قبل اصلاح اور لغیر اصلاح خطرہ ہے۔ کفر، کبر، فسق و فجور، معصیت، نفرت، عن الحق وغیرہ میں مبتلا ہو جائے۔ اور خلاصہ اسلام امتثال اوامر بلا عوض، بدل واجر ہے اور یہ ضبطِ نفس ہے از خطوظِ حق کما قال عارف ؎

قرب حق را دو قدم راہ است دیگر راہ نیست
آں یکے بر نفس خود نہ واں دِگر در کوئے دوست

۹۔ مباح اُمور کا مقصود ظاہر و باہر ہے۔ کہ مباحات شرعیہ میں مشغول ہونا حجاب مشاہدہ و معائنہ بن جاتا ہے اور مقصود وصل قریب ہے۔ ثواب خواص کے نزدیک حجاب ہے۔ کیونکہ ثواب نفس کا حصہ ہے۔ سالک، عارف، مؤحد کو مناسب ہے کہ دوام استحضار سے کام لیوے محبت محضہ اختیار کرے اور ذکر حرفی یہ ذکر معنوی بدل کرے اور تمیز درمیان حرف و معنی کرے۔ تاکہ حرف سے فانی ہو جائے اور معنی سے باقی ہو جائے۔ چنانچہ مغز بادام از پوست بادام، روغن بادام از مغز بادام درخت بادام از دانہ بادام، روغن بادام کے وقت ہر چہار اجزا کا کوئی وجود ارادہ میں باقی نہیں ہوتا یہ تمنائے ذات ہے۔

۱۰ حقیقت حج : یہ مقام شکر ہے اور حقیقت شکر، دعوت بیت اللہ، و دعوت ذات اللہ ہست و مقبول دعوتِ شہنشاہی وصلت شاہی است ۔
و وصولِ حقیقت کعبہ کہ مقام ولایت کبریٰ است عین حقیقت وصل است حقیقت کعبہ منزل روح۔ صورت کعبہ مظہر منزل روح۔ اور روح حاجی از کائنات و بدنِ حاجی

حال زار در روح عمند جنون عکس حال اول است وھوالحیاۃ الذاتی للواحد الصمد الذی لم یکن لہ کفوا احد والکفو ھوالاحتیاج فی وَجُودِالذات والکیف والاین (استغفراللہ کجا بودم کجا رفتم)

وطوافِ کعبہ، طواف ذات اقدس - زیارت مدینہ زیارت رحمت - رحمت صفت رحیم وسایۂ رحمت سایۂ عین رحمت، ھوالذات الاحد جل شانہٗ الکعبۃ والمدینہ رمزان من رموز القرب صورۃ والوصل معنی - والحاجی مربوب بالعزم لا منثال الاوامر اللہ العزیز

الغرض چنانچہ حقیقت شما متوجہ حقیقت کعبہ وبہ زیارت مدینہ می باشد - ازیں وجہ واردات کرمی آید - چنانچہ حقیقت حاجی را حقیقت محمدی اصل است - وحقیقت محمدی را الکعبہ اصل است - وحقیقت کعبہ ذاتِ اقدس است - پس چنانکہ اصل با اصل مشغول است وصاحب تمکین گشتہ - برائے تلوین فارغ نیست باز اعادہ شد از عروج چنانچہ از وارد آیت شریفہ فسیأتھم ...... الخ اشارت وبشارت ہے

اے لقائے تو جواب ہر سوال | مشکل از تو حل شود بے قیل و قال (عارف رومی)

بہر بندہ در بیابان حجاز | مغفرت خواہ باد دارم در نیاز

ان شاء اللہ من روح اندر حجاز | تو بصورت سیر تم را در نواز

در حضورِ خواجۂ ما گو سلام | رحمت کن اے سید خیر الانام (دگرانگ)

۱۱ - روح ایک تجلیٔ کبری کا تصرف ہے - جس کا نام قدرت ہے - آثار قبض وبسط یعنی کردن ونکردن - اس پر دال ہے - کیونکہ روح ایک طاقت من اللہ ہے - جس کا تعلق صفات کمالیہ کے ساتھ ہے - اور صفات کا تعلق امر کے ساتھ ہے اور امر کا تعلق ارادہ کے ساتھ ہے - ارادہ کا تعلق ذاتِ اقدس

کے ساتھ ہے پس روح، اسمائے حسنی توقیفی کے نام سے موسوم ہے۔ چنانچہ علم یعنی روح علمی، روح سمعی روح بصری روح، کلامی، روح شفائی وغیرہ کما لا یخفی

۱۲۔ **منزل**۔ انسان کی ہر حرکت خواہ ہو یا بد سب منزل الی اللہ ہے۔ رضاءً یا غضباً اگر عمل موافق سُنّت ہے تو رضائے حق کو پہنچتا ہے۔ اگر خلافِ سُنّت ہے تو غضب حق کو پہنچتا ہے۔ مثال کے طور پر آپ طبیب ہیں مریض کو دوائی دیتے ہیں اگر رضائے حق مقصود ہو تو یہ دوائی دینا منزل الی اللہ ہے باوجود قیمت لینے کے۔ اور اگر یہی عمل دینا اور جاہ کے واسطے ہو تو العیاذ باللہ منزل الی الدنیا ہے اور دنیا غضبی ہے۔ محبتہً نہ ضرورتاً۔ کیونکہ اگر دنیا نہ ہوتی تو اللہ رب العزت کی مغفرت وذات کا علم کہاں ہوتا ہے یہ دُنیا بہت بڑا آلۂ عرفان ہے۔

۱۳۔ **حیات جاوید** کے معنی تصور و حضور باری جل شانہ، ہے ناسوتاً علی الدوام وملکوتاً علی القیام ۔ مقام مشاہد کسباً۔ در عقبیٰ شہود ذات ہے موھوباً غیر کسباً اور مرگ ایک عارضی انقلابی دعوت ہے۔ پس یہاں پر اللہ اللہ اور عقبیٰ میں اللہ اللہ، پس حیاتِ جاوید ذاکر و فاکر کی ہے۔ ورنہ حیات۔ حیاتِ حیوانی فانی دنیوی ہے جس کا حکم ہے۔ خسر الدنیا والآخرۃ نعوذ باللہ منہا

۱۴۔ **تقویٰ**۔ تقویٰ کے معنی بچنا اور ڈرنا ہے۔ ڈرنا استعداد امکانی پر ہے۔ وہ استعداد مریض کی علیحدہ ہے اور تندرست کی علیحدہ۔ چنانچہ معذور عند الشرع معافی میں ہے۔ باوجود ایمان کے۔ اور تصوف کا اشارہ لفظ مسلمون سے ظاہر ہے (اتقوا اللہ حق تقتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون کیونکہ انقیاد ظاہری وباطنی پہ دال ہے تو اعمال ظاہری وباطنی محمودہ کا کرنا اور اعمال ظاہری وباطنی خبیثہ کو ترک کرنا یہ تصفیہ ظاہر و باطن ہے۔

۱۵: مدرح جملہ کائنات رمز حیات معنوی است۔ وناسوت شہودی واجسادِ امکانی

حال از روح است و احوال را ہیچ اعتبار نیست بلکہ رمز را نیز۔ رمز ہم دو طرف دارد طرف صورت و طرف سیرت پس طرف سیرتی را مقصود داشتہ نگاہ بہ راہ لا منزل (ذات) دارید۔ واز حال بہ روح واز روح بہ اصل نگاہ داشتہ در دریائے فیضان اسم ذات چوں دانۂ گوہر خود بخود پیچیدہ سفر در حضر داشتہ۔ چنانچہ سفرِ عاشق در وطن عشق است بہ گام ارادی و دوامی۔

ایں چہ گوئی اے غلامِ پر قصور — قال تو از حال باشد یعنی دور

واردات۔ واردات است یعنی گھے باشد و گاہے نہ باشد چنانچہ لفظ وارادات دال است بر عدم دوام۔ یعنی مقامیات نیست احوالیات ہست، و در قبضہ قدرت است۔ مامور بہ غیبت و شاہد ثمرات ولایت است۔ ولایت نیست و عبادت نیست بندہ مامور بہ عبادت است اللہ پاک از درگاہِ خود بندگان خود را محروم نفرماید۔

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم — چو غلام آفتابم ہمہ از آفتاب گویم

یعنی در حجاب نیستم و تابع کشف و عجائبات قلب نیستم۔ کہ معارف حق خواہم گفت

۱۶۔ **مقامِ معائنہ**۔ یہ دوام حضور پاک سے شروع ہوتا ہے واعبد ربک کانک تراہ۔ جس کا معنی استحضار ذات ہے۔ یہ دولت استحضار سے حاصل ہوتی ہے۔

۱۷ **مقام اخلاص**:۔ جب بندہ محض بطرز عبدیت بغیر کسی طمع، غرض، لالچ، حظوظِ نفسانی سے پاک ہو کر ذکر کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی حقیقت عارجہ حاضرہ سے حجاباتِ مانعہ دور کر دیتا ہے۔ جو اہل مجاہدہ کا مذاق ہے لنھدینھم سبلنا جو اخلاص کا مفہوم ہے عطا فرماتا ہے اور بندہ کی ہر خواہش ضروری بغیر طلب پوری کرتا ہے۔ الیس اللہ بکاف عبدہ

۱۸۔ **فناء**: از ماسوی اللہ انقطاع تعلقات و توجہات۔ یہ کسبی ہے اور موہوبی بھی

محبت اگر طبعی نہ ہو تو عقلی وکسبی محبت از نعمتہائے گوناگوں حاصل کریں۔

۱۹: **بقاء** دوام توجہ الی اللہ در جملہ امور خیر و شر۔ کہ صدورِ اعمال بغیر اذن و حول و قدرت خداوندی نہیں ہوتا۔

۲۰ - **ترکِ تعلقات** ۔ وہ تعلقات جو ہوائے نفس کے تابع ہیں اور مشروع نہیں ہیں وہ ترک کرنا عبادت ہے۔

۲۱ **للہیّت**: عمل میں للہیت اخلاص سے پیدا ہوتی ہے۔ اخلاص عمل یہ ہے کہ مقصود حظوظ نفس اور شائبہ غیر نہ ہو۔

۲۲ - **عبدیت** ۔ ونہی النفس عن الہوی۔ کسی کام میں نفس کا حصہ نہ ہو۔ بعد از تصحیح عقائد اگر اصلاح نہ ہو تو عمل برباد۔

۲۳ - **اِسلام**: اسلام کا مرکزی نقطہ ذات باری تعالےٰ جل شانہ، کی رضا ہے۔ اس کے دو شعبے ہیں۔ توحید ذاتی، صفاتی، افعالی اسمائی اور رسالتِ محمدی۔ رسولؐ کا وجود مجموعہ احکامِ الٰہی ہے۔

۲۴ - **ایمان** - ذات واجب الذات کو رسُول کی رسالت کو جملہ احکام شرعی کو بلا ریب و شیب ماننا جیسا کہ ایمان مجمل اور مفصل ہے۔ اوصاف ایمان سورۂ مومن کی ابتدا میں مذکور ہیں۔

۲۵ - **توحید**: یہ عددی، شماری، کیفی مثلی نہیں۔ توقیفی ہے۔ تقدیسی ہے ذاتِ اقدس جل شانہ،۔ وجود کیفی سے، وصل سے، فصل سے، بُعد سے، قرب سے، مثل سے کیفیت، مثلیت امکانی سے وراء الوراء ہے تقدیسًا وصل فصل اور قرب و بعد کا مشاہدہ صرف علمًا قدرتًا ہے۔ اس کا مدار ذوق پہ ہے اور ذوق سے اکثر لوگ محروم ہیں۔ بوجہ عدم توجہ اور عدم محبت کے۔ چنانچہ تصوف۔ اظلالی، انعکاسی صحبتی چیز ہے۔ طب کی کتابوں میں

ہر بیماری کا علاج مذکور ہے۔ مگر بغیر معالج ماہر تجربہ کار کے کچھ نہیں ہوتا۔

۲۶-**ایقان**- ایک نور حضور ہے جس سے سرور پیدا ہوتا ہے۔ ارادہ عازمہ جازمہ یکتائیہ یں۔ یہ سرور حضور قرب امکانی کسبی ہے اور اس کا ورود موہوبی از قوت اسم ہادی۔ جو ارادہ کا رنگ ہے۔ اس ارادی رنگ سے رنگ قلب صنوبری ہے اور اس سے رنگ اعمالی ہے اور رنگ اعمالی رنگ سنت ہے اور سنت کا رنگ رسالت ہے۔ جو سبب غشائے رضائے خداوندی ہے۔ اللھم ارزقناہ۔

۲۷-**حقیقت قرآن**:- از روئے معنی ذات جل شانہ ہے اور خود بخود قرآن معلم معارف صفات ہے از روئے معنی حروف قرآنی نزولاً و نظماً آثارِ ذات معنویہ قرآنیہ ہیں پس حروف نازلہ، ناسوتیہ، قوالب و جوالب معنی صفاتی ہیں۔ از جلالی انوار قرآن اشیاء لرزندہ و ترسیدہ ہیں۔ **لو انزلنا ھذا القرآن** الخ دال بر انوار جلالی تکوینی ہے (واللہ اعلم)

۲۸-**بیخودی**: سکر توحید ہے۔ جس کو فنائے شہادت و بقائے غیبت کہتے ہیں امکان کی دو طرفیں ہیں ایک طرف شہادت ہے یعنی ممکن دوسری طرف غیب ہے جس کو مقصود اور ذاتِ احدیت کہتے ہیں۔ یکسوئی نصیب ہو جائے تو شہادت کی طرف سے فنا ہو جاتا ہے اور غیب کی طرف سب بے کیف دایں نظر آتی ہے۔ اس حال کو لقا کہتے ہیں اور سکر توحید اور سکرِ مطلق بھی یہ دلالت ہے وصل و قرب اجمالی کی۔

۲۹- **قرب و بعد**:- ذاتِ باری تعالیٰ جل شانہ اور ذات انسان اصلح اللہ شانہ کے درمیان ایک واسطہ بمنزلہ قائد روح ہے جو سبب قرب و رضاء ہے۔ جس کا معاون عقل ہے جو سبب عروج ہے اور ذاتِ باری جل شانہ اور ذات انسان اھدنا اللہ کے درمیان ایک واسطہ بعد ہے۔ جس کا نام نفس امارہ ہے اور معاون اس کا شیطان ہے العیاذ باللہ جو سبب نزول ہے ثم رددناہ اسفل السافلین الا الذین آمنوا اور برائے تمیز ہر یک قوت وارادہ ارادیہ انسانیہ قرآن کریم ہے۔

امراً ونہیاً۔

۳۰۔ مقام تسلیم :۔ مقام فراغت و امانت ہے و ترک اختیار ہے۔ جو عبدیت کا رتبہ کمال ہے اور فنائے حال ہے اور حل ہر محال ہے اور انکشاف ہر اشکال ہے۔

۳۱۔ لاہوت :۔ صفات کی اجمالی طرف ہے یعنی شیون سے عبارت ہے امکانی علمیت یعنی کتب سے باہر ہے۔

۳۲۔ باہوت : صفات کی تفصیلی طرف ہے جیسے کوئی ایک ہی شخص انجینئر بھی ہے عالم بھی ہے اور منشی بھی ہے۔

۳۳ : اجمالی اور تفصیلی : جتنے کمالات ہیں عمل میں آنے سے پہلے اجمالی عمل میں آئے تو تفصیلی۔

۳۴۔ جبروت :۔ صفات بادشاہت۔ جلالت۔ کمالت اور معرفت کا ظہور ہونا۔

۳۵ معرفت : ذاتِ باری تعالےٰ کا تعلق صفات سے ہے اور صفات سے اللہ تعالےٰ کی معرفت ہوتی ہے۔ جیسے۔ ھواللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب و الشھادۃ الخ۔

۳۶ تنزلات ستہ :۔ آثار۔ افعال۔ اسما۔ صفات۔ ذات۔ نبی۔ قرآن۔

۳۸۔ روحانیت۔ لوگ روحانیت۔ روحانیت پکارتے ہیں۔ پوچھو کہ روحانیت کیا ہے۔ نہیں بتا سکیں گے۔ یہ تو وہ مقام حاصل کرنا ہے جہاں نافرمانی نہیں تھی۔ الست بربکم کے جواب میں بلیٰ ہی کہا۔ اس وقت مطیع تھا۔ اب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرمان کے مطابق قرآن کریم کے ذریعے وہی مقام ڈھونڈھنا ہے۔ کہ نافرمانی نہ رہے یہی روحانیت ہے۔ وہاں بلیٰ کہا نافرمانی نہ تھی۔ استعداد ضلالت خفتہ تھی۔ مٹی آگ۔ پانی، ہوا سے نفس اٹھا اور نافرمان ہوا۔

۳۹ مقام۔ کے معنی عمل ہے۔

۴۰۔ فنا فی اللہ: عام مفہوم میں تقدیس میں نقصان ہے۔ متوجہ الی الذات ہونا چاہیے۔

۴۱۔ قرب رضائے خداوندی ہے اور بُعد ناراضئ حق تعالیٰ۔

۴۲۔ بقا باللہ:۔ بقائے شریعت۔ اہتمام بالاوامر و اجتناب عن النواہی۔

بقائے طریقت۔ ترک لایعنی

بقائے حقیقت۔ فنا عن النفس یعنی نفس کو مطیع کرنا۔

۴۳۔ واجب الذات عدم:۔ یہ دونوں حجاب ہیں۔ واجب الذات کہو۔ تقدیس واجب الذات سے ہے۔ حجاب واجب الوجود سے ہے۔ ذات سے کوئی چیز معدوم نہ تھی عدم ہماری نسبت سے معدوم تھا۔ نہ کہ ذات باری تعالیٰ کی نسبت سے۔

۴۴۔ خالق: خالق کے معنی ایک کو دوسرے سے پیدا کرنا ہے

معنی خالق کہ یک از دیگرے | یعنی پیدا می کند ہر پیکرے
پیکری پیکر از ناپیکر است | دیگری دیگر از نادیگر است

۴۵۔ الوجود بین العدمین عدم: عمر امکانی نام آں وقفہ است کہ مابین دو عدم است۔ یعنی دمے اندرون بردن و دمے بیرون کشیدن در میان ایں ہر دو حال عمر است وقتے باشد کہ ایں حال قائم نماند پس ہر دم و ہر قدم در حساب و کتاب باشد اللھم حاسبنی حسابًا یسیرا۔

۴۶۔ اسمائے حسنیٰ: نظامِ امکانی ایک طاقت خداوندی کے تحت ہے وقت مقررہ تک ہے پھر انقلاب طاقت میں ذات اقدس مختار ہے۔ در اصل تغیر و تبدل، آخرت، دنیا و عقبیٰ ایک طاقت کا انقلاب ہے۔ یفعل ما یشاء و یحکم ما یرید

بندہ کے نزدیک تمام صفات ایک طاقت ہے۔ اور اس طاقت کے واسطے موافق مشیت و ارادہ انقلاب۔ تو اس انقلاب کا امری حصہ قدرت کے پاس ہے

شہودی آثاری حصہ مثل موت وحیات ، نفع وضرر ، شفا وعلت ، امکان کے پاس ہے یعنی امکان ہے ۔ مخلوق ہے تو اسمائے حسنیٰ بتمامہ ایک طاقت و قدرت ہے کہیں اس کا نام حلم ہے یعنی وہ حلیم ہے اسی طرح کرم علم ، بصر ، سمع ایک طاقت کے نام ہیں جدا جدا مظاہر کے واسطے ۔ یہ نام برائے مظاہر مختلفہ ہیں ورنہ ذات ایک ہے اور قدرت و تصرف بھی ایک ہے ۔

۴۷۔ طریق معرفت کا سفر کیونکر طے ہوتا ہے :۔

ترک لایعنی سے ، عمل تشریعی سے ، اور دوام حضور سے یہ منزل ارادی ، قلبی ، عزمی ہے ۔ جسمانی ، قدمی ، ناسوتی نہیں ۔

ادب سے علم آتا ہے یہ اتباع سنت ہے یہ وسیلہ ہے معرفت کا ۔ یہ مرتبہ کتابوں سے ، علوم وفنون سے ، زور بیان سے حاصل نہیں ہوتا ۔ بلکہ کسی عارف کی صحبت میں حاصل ہوتا ہے ۔ کیونکہ یہ ایک نور ہے جو باطن میں کسی قلب منور کے ذریعے دوسرے قلب میں منتقل ہوتا ہے ۔ اگر بیان سے کچھ حاصل بھی ہو جائے تو وہ عارضی ہوگا ۔ حجابات ۔ تعلقات ناسوتی ۔ لایعنی سے سلب ہو جائے گا اس کے لیے تبتل ، انشراح قلب ، انخلائے قلب اور توجہ قلب ضروری ہے ۔

۴۸۔ تقرب الٰہی کے تین ذرائع ۔

(i) **علم** ۔ اس سے احکام الٰہی معلوم ہوتے ہیں ۔ پھر سلوک الی اللہ شروع ہوتا ہے جاتے کے واسطے راستہ کی ضرورت ہے ۔ یہ احکام صراط مستقیم تشریعی ہے ۔ یہ عبارت ہیں ۔ ایمان بالکتاب اور اتباع رسول ؐ سے

(ii) **عمل** :۔ عمل سے تقویٰ پیدا ہوتا ہے ۔ جو ولایت کا مقام ہے بغیر تقویٰ کے ولایت اور قرب ممکن نہیں کیونکہ ایسا ہونا رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مخالفت ہے اور ایمان کا جزو ثانی اطاعت رسول ہے ۔

(iii) **اخلاص**:- اخلاص سے توحید ذاتی - وعمل از شائبہ شرک و بدعت خالی ہوجاتا ہے اور قابلِ قبول درگاہ خداوندی عمل خالص ہے۔ جس کے بغیر رضائے اقدس مشکل ہے اخلاص یہ ہے کہ چیزے از حصۂ نفس ندارد۔

۴۹ - تقرب الٰہی کا بڑا ذریعہ ذکر الٰہی ہے ۔ ذکر کا بڑا ذریعہ بسیط ہے ۔ یعنی قوت استعداد ذاکرانہ اور کمی قوت ذاکرانہ کا نام قبض ہے ۔

۵۰ - خیر الناس من ینفع الناس :- قضائے الٰہی ہے جو کسی کو خیر الناس بناتی ہے کسی کو شر الناس (العیاذ باللہ الغفار) بعض افراد کو اللہ پاک مظہر ربوبیت برائے تربیت مخلوق خود تیار کرتا ہے اور تربیت صوری کا کام ان سے لیتا ہے ۔ اور وہ ذاتِ اقدس خود مربی حقیقی ہے امراً و حکماً اور تربیت نظام کونی بواسطہ اسباب جاری کرتا ہے ۔ تو بعض کو تربیت عام کے لیے مقرر کرتا ہے کیونکہ ذات اقدس حاکم ہے اور حکیم ہے ۔ حاکم کا مطلب حکم کرنا تشریعًا ۔ الہامًا ۔ القاءً ۔ توفیقاً و استعداداً و حکیم ثمرہ راز از مظاہر مصرفیہ صادرہ و واقعہ ظاہر کرتا ہے اور ذریعہ ثواب من الخیر اور ذریعہ عذاب من الشر بناتا ہے اور نظام عالم کونیہ ، امریہ تا وقت مقرر قائم رکھتا ہے غرض کوئی کام حکمت سے خالی نہیں پس بر تکالیف صبر باید کرد و نیت ہر عمل للہ باید کردن فعلاً مثلاً حسنات و خدمات خلق و ترکاً مثلاً سیئات و مکروہات و محرمات و مفسدات پس عمل حسنہ عبادت ہے اور ترکِ سیئہ تقویٰ ہے و تکمیل ایمان از عبادت و تقویٰ باشد کہ عبادت یعنی نیکی و معصیت یعنی بدی ہر دو کرنا تو ثمرہ نفاق و تنقیص ایمان ہے (العیاذ باللہ) از عمل مخلوطیہ نفاقیہ ۔ الغرض خدمت خلق ذریعۂ رضائے خالق جل شانہٗ ہے ۔

حکمت محض است اگر لطفِ جہاں آفریں
خاص کند بندۂ مصلحت عام را ! (حضرت شیرازی)

۵۱ - لوگ تین قسم کے ہیں - عام، خاص اور خاص الخاص -

خاص اور خاص الخواص کی معرفت تحقیقی، شہودی اور علینی ہوتی ہے۔ اس لیے صلہ بھی معائنہ اور حقیقت کے ساتھ ملے گا۔ ان کی نگاہ دنیا میں حقیقت پر تھی اس لیے آخرت میں بھی حقیقت پر ہوگی - سرور و لذت از تجلی حقیقت الاشیا حاصل کریں گے۔

عوام چونکہ حجابات ناسوتی صورت امکانی میں بند ہیں یعنی فنا فی الصورت ہیں۔ تو ان کو آخرت کی نمائش بھی مثلی صوری ہوگی - اگرچہ وہاں پر امکانی صورت نہیں ہے - لیکن تمثیل امکان پر قادر مطلق قادر ہے تو ان کو سرور از تمثیلات ہوگا۔ کما ھو شان الربوبیہ -

۵۲ - **امکان**: در حقیقت امکان دو طرف دارد یک طرف خلقی کہ بمنزلہ نمائش است دوم امری کہ ذات اقدس است - پس قرب و بعد ہر دو گم شد - معائنہ ذات در ذات است و فنا، فنائے فنا ہست کسبًا باشد یا موھوبًا

۵۳ - دوام استغفار ایمان کی شرط ہے اور یہ شرط ذاکر کو بلا تکلیف حاصل ہے - اصل ایمان ذکر ہے - ذکر میں جو تاثیر تجلیات و کیفیات حاصل ہوتی ہیں وہ کسی چیز میں نہیں - استغفار کے ساتھ نور ایمان کی تکمیل ہوتی ہے درود کے ساتھ ایمان کا رسالتی جز وقوی ہوتا ہے -

۵۴ - **ادائے شکر**: - انسان از ادائے شکر قاصر و عاجز ہے لیکن یہ عجز انسانی خود بخود متشکر شاکر ہے کیونکہ قدر عطیات ربانی کما حقہ ذاتِ اقدس ہی جانتا ہے - لیکن انسان مامور بالشکر ہے تو امتثال اوامر کے ذریعے انسان شاکر ہے در حقیقت عارف ذاتِ اقدس خود ذاتِ اقدس ہی ہے انسان صرف ایک مظہر شکر ہے - جس کے معنی ہیں قدردانی - ہماری معرفت بھی ناقص ہمارا شکر بھی ناقص -

۵۵ : ذاتِ اقدس کا تصور قلب، ارادے میں کرو - اور صاحبِ نگاہ بنو - فقر نگہبانی کا نام ہے مراقب ذاتِ اقدس در ارادۂ نفس رہو -

۵۶ - غیر اللہ سب حجاب ہے - اگر ماسوی اللہ طلب کرے تو حجاب میں ہے -

۵۷ - ذکر نفس نہ کریں - ذکر اقدس یعنی ذات اقدس کا معائنہ کریں کیونکہ ذکر پاس انفاس نفس کا معائنہ اور توجہ الی النفس ہے - نفس ناسوت ہے اور ناسوت کی طرف توجہ نزول ہے - تکلیف نزول سے ہوتی ہے - تصور ذاتِ اقدس کریں دائماً یہ مقام تمکین ہے اور نفس مقام تلوین ہے - دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے -

۵۸ - تعلقات کا چھوڑنا کسبِ حلال کا ترک کرنا کوئی کمال نہیں بلکہ سبب پریشانی ہے دنیا کی محبت اور حرص حجاب و عیب ہے - مگر ضروریات اور کسب و ہنر عیب نہیں بلکہ ایک ذریعہ کمال و اطمینان ہے امور کا کرنا نہ کرنا اللہ کی طرف موڑو - صرف نظامِ حیات کے لیے اسباب میں غور کرنا کوئی معنیٰ طریقت نہیں - ذکر فکر کی طرف ہر وقت متوجہ رہنا اور اپنی امانت کو بحال رکھنا ضروری ہے -

۵۹ - از ہر عبادت فراغت آسان است لیکن از ذکر فراغت تا یوم القیامہ نباید - چنانچہ ذکر دوام ایمان است و دائم ایمان با ذاکر باشد کہ اللہ الکریم است و غیر ذاکر را ایمان تقلیدی باشد و ذاکر را ایمان تحقیقی تخنیری - اختیاری باشد - غیر ذاکر را اضطراری

تحذیری

حضوری

۶۰ - ارواح مغضوبہ کا تدافع ارواح مرحومہ سے ہوتا ہے - از روئے تکوین اسبابی

وھو تصرف الموھوبہ للمربی الحقیقی -

۶۱ - عالم علوم تشریعی و علوم تصدیقی سے واقف ہے مگر علم ذوقی و ایقانی کم یاب ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ صاحب عرفان و صاحب ذوق بنے اور معائنہ سے گذر کر معارف لدنیہ سے مشرف ہو - اور مقام ایقان سے فائدہ حاصل کرے ورنہ علوم بیانیہ، زلالیہ وہمیہ، ظنیہ، شکیہ میں رہے گا - العیاذ باللہ العزیز الغفار جل شانہ

علم آں باشد کہ ایقان زایدت
نورِ ایمان از نگاہت زایدت

در حضورِ حق مقام دِل نشیں
اندر آں منزل جمالِ حق بہ بیں

بے حضوری ہر عبادت کاسد است
بے نگاہے ہر ریاضت فاسد است

۶۲۔ تصوف کا وصول از محاورات ۔ مجادلات ۔ روایات ۔ درایات ولغویات ولالعینیات واز توجہاتِ غیریات مبرا وپاک ہے ۔ کیونکہ تصوف کا مطلب باطن کو از ماوراء صاف کرنا ہے ۔

وھو ثمرۃ المشاھدۃ والمعانیہ صفاتًا یا اسمًا یا افعالًا یا ذاتًا وھو غایۃ العبادۃ

یعنی توجہ ذاتِ اقدس ۔

۶۳۔ بدن کا حرکت کرنا :۔ ارادہ ذاکرہ سے ذکر اختیاری قلبی ، غیر اختیاری حالی ہو جاتا ہے ۔ اور بدن پر غلبہ ذکر سلطان الاذکار بن جاتا ہے اور ارادہ سے بند ہوتا ہے یہ تبدیل حال ہے شکر بر شکر اللہ ویاد حال ہے ۔

۶۴۔ اتخذ وامن دون اللہ ...... بشارت توحید ایقانی ہے ۔ مادون پر اعتماد واعتقاد نہ کرنا اسباب سے درگزر تکیۂ ایقانی درامر تکوین بر کائنِ واحد باید کرد ۔ شغل اسباب ذریعۂ مقصود دانید ۔

۶۵۔ الدین الخالص :۔ دین کا مطلب احکام خداوندی و قانون یزدانی ہے درامتثال اوامر واجتناب نواہی عزم اللہ العزیز بابدو نزداہلِ باطن ہمہ اسباب بے تدابیر لایعنی ہے ۔ عند الاستحضار پس عمل برائے عظمت

الوہیت وابتغائے مرضیت بابد۔ یہ اشارت بر توحید ذاتی ہے۔

۶۶ - **نفی اثبات** :- یہ لفظ جناب کی سماعی تمیز نے جدا نہیں کیا۔ یعنی لفظ بحث، بعد ہے یعنی بُعد از نفی اثبات کہ عبادت از ذکر ارادی مخلوطی ہے۔ چنانچہ خاصئہ ناسوت شرک و دوری ہے تو ناسوتی ذکر نفی اثبات دونوں ہیں لا الٰہ الا اللہ ہے۔ اس ذکر ناسوتی کی تکمیل کے بعد ذکر جلالی جبروتی ملکوتی ہو جاتا ہے کہ خاصۂ ملکوت توحید و تقدیس ہے تو خیر العمل اسم ذات اشارت بہ عبدیت خصوصی ہے۔ وھو الاثبات الذات الاقدس جل شانہٗ عملاً و عزماً

۶۷ - **دائماً سفید روشنی درمیان پیشانی** : تجلی نور اخفائی ہے چنانچہ بطرف حقیقت کعبہ مائل ہو گیا اور ہدایت صوری بن گیا۔

۶۸ - **کعبہ ہوا پر** :- یہ نور حقیقت کعبہ مصور شدہ بصورت کعبہ ہے و دوران حقیقت کعبہ ہے جو نازل من اللہ ہوا۔ یہ کمال تربیت یزدانی ہے اور ولایت علیا ہے من جانب اللہ محض عطائے خداوندی ہے بشارت قرب و ربوبیت یزدانی ہے۔ زیادہ کوائف را حاجت نیست۔

۶۹ - **فاصبر لحکم ربك الخ** :- اگرچہ مقام صبر موہوبی چیز ہے لیکن تصبّر کسبی، عزمی و ارادی ہے۔ چنانچہ بندہ بر کسب تصبر مامور ہے بقول عارف ؎

متاع وصل جاناں بس گراں است

گر ایں سودا بجاں بودے چہ بودے

(حاشیہ:) زبانِ تبشیری — بشارت اقدس — مقام عبدیت خاصہ منتہائے کمال است — عبدیت از عبد و ربوبیت از رب — بتوضیح روح — از حد ارزاں بودے

چنانچہ مقام رضا تک پہنچنا آسان واز راں نہیں۔ ہاں احوالِ امکانی را ختم و انجام است و آخرت از ختم و انجام پاک است و امتثال امر طوعاً و کرھاً فرض بندہ است و استعداد امتثال موہوبی۔ از عکوس انوارِ ہدایت است، و عمل کردن از بندگیٔ بندہ است صورۃً و معناً توفیق از ہادیٔ مطلق اللھم ارزقناہ بکرمک یا کریم۔

۷۔ بہ کوائف محمودہ حمد باری و بدولت ذکر فکر شکر باری باید کرد۔

نتیجہ:۔ مؤحد را نظر بر نتیجہ نہ باید۔ چنانچہ نتیجہ حصۂ نفس است و محبت محضہ باذاتِ اقدس باید و عبادت برائے امتثال امر۔ و ترک نواہی ایضاً برائے امر عبادت باعبادت ہست۔ و حجاب درمیان حق و عبد تقاضائے نفس است ورنہ وصل در وصل واصل با اصل۔

انسان را دو جہت است یکے جہت نفس کہ عین حجاب است اگرچہ در صورت عبادت است لیکن در حقیقت توجہ بہ بت است۔ و جہت دیگر ملکوت کہ عبادت از نورانیت عکسی ہست و تجلیات افعال است، ایں جہت، جہت وحدت و جہت مقصود است، و دار و مدار ایں ہر دو عمل قالبیہ لطیفہ است کہ عبارت از عمل صوری است و یکتائی ست عبارت از عمل معنوی باطنی است، کما ھو المقصود۔ پس افوض امری الی اللہ خلاف نفس است در حال و قال و خلاف نفس، قرب حق است، و ایں فراغت است کہ عبارت از خوشئ دِل و اطمینان قلب و حضوریٔ دِل۔ یعنی ارادہ مجردہ از خلق و عمل مفردہ از حصۂ نفس اگر عقباً باشد کما قال عارف شیرازیؒ ؎

بفراغ دل زمانے نظرے بہ ماہ روئے یہ ازاں کہ چتر شاہی ہمہ روز ہائے وہوئے

بہ فراغ دل با جمعیت ارادی با احدیت یزدانی۔ زمانے:۔ اندک ساعت نظرے:۔ یک نظر کہ عبارت از رسائی است۔ بہ ماہ روئے:۔ بہ طرف ذات اقدس کہ ظاہر صفت است بہ ازاں کہ الخ از تمام عمر و لبسیار عبادت ظاہری

کہ باشور، واشاعت، وسمعہ باشد بہتر است پس حضور اہلِ حضور کہ عبارت از یکتائی عمل است از عبادت دہر بہتر است پس نتیجہ خود حجاب است وعافیت کہ عبارت از صحت ارادت است از علت ماورا۔ ومعاون فراغت است وایں بر سہ قسم است۔ اوّل عافیت شریعت کہ بجا آوردن اوامر واجتناب از نواہی است۔ دوم۔ عافیت طریقت کہ عدم اختلاط عوام الخلق است۔ سوم۔ عافیت حقیقت کہ ترک ہوائے نفس وتسلیم قولئے ظاہری وباطنی وایں عافیت بتائید ربانی جل شانہ پردۂ امن درمیان بندہ وگناہ بندہ پیدا می شود کہ از گناہ کردن مانع شود۔ وایں پردہ معنی مغفرت است۔ چنانچہ حق سُبحانہ تعالیٰ پردۂ از تجلی صفت غفور درمیان بندہ وعصیان بندہ نازل کند۔ وگناہ گنہگار مناقشہ نہ کند وایں را حساب یسیر گوئند اللھم حاسبنی حسابا یسیرا کہ از شمار بدن گناہ درگزر کند بفضل خود۔ واللہ اعلم۔ وھذا شرح المغفرۃ والعافیۃ والفراغۃ عند جنون گڑنگ۔

وایں درسِ تدریس درمیان استاذ وشاگرد مدتے خواہد کردن عبارت از تربیت است وتربیت شیخ آں وقت باشد ضرور کہ مرید را حال وقال یعنی ظاہر وباطن ہمہ معاملات باسنت بود واز سر موئے خلاف سنت نہ باشد از ہوائے نفس بقدر یک پائے مور وپر مور نباشد۔ یعنی از خواہشاتِ نفس چیزے نماند۔ ودر عمل لغیر سنت دیگر چیزے نماند وانقیاد شیخ دریں راہ کبریت احمر است۔ مرید را باید کہ پیر خود را خدا رسیدہ داند۔ اگرچہ قاصر باشد وتقلید پیر در امور جائزہ مسنونہ مشروعہ ضرور باید کرد۔ ایں تدریس باطنی است وحضرات چشت را دار ومدار بہ آداب پیر زیادہ باشد وتدریس مدرسۂ دل را از دیگر تدالیس ضروری داند۔ وہر کار نیک کہ برائے رضائے خیر بیدہ الخیر باشد۔ آنرا انجام خیر باشد وشکے وشبہ نباید کرد۔ چنانچہ بسط بر قدما وسیع است چنانچہ رحم بر غضب وسیع چنانچہ شیطان در وقت غضب الٰہی جلّ شانہ سوال دوام حیات کرد وقبول شد۔ ایں ثمرۂ

یقین شیطان بود بر وسعت رحم و براجابت دعا۔ کہ اجیب دعوۃ الداع است
در عین غضب سوال او رمنظور شد ومن المنظرین گشت۔

۷۱۔ لطیفۂ قلب کا خاصہ ذکر ہے لطیفہ روح کا خاصہ حضور ہے لطیفہ سر کا خاصہ مکاشفہ اسرار ہے لطیفۂ خفی کا خاصہ مشاہدۂ صفات ہے۔ اور لطیفۂ اخفی کا خاصہ معائنہ ذاتِ اقدس ہے۔ تنقد یساً اور رب العزت مواقق مشائے خود عنایت علوم لدنیہ، وفہم وتفہیم تقدیراً۔ تدبیراً کرتا ہے وکل شیئ قدرناہ تقدیرا۔ واللہ اعلم۔

۷۲۔ اگر ہو سکے تو ختم حضرت مجددؒ کرنا۔ بدایں دستور کہ یک صد بار درود شریف۔ بعدہٗ پانصد بار لاحول ولا قوۃ الا باللہ بعدہٗ یک صد بار درود شریف روزانہ خواہ رات ہو یا دِن۔

۷۳۔ ایک آدمی بہت عابد ہو اور نوافل بہت پڑھتا ہو اور ذکر نہ کرتا ہو تو وہ آدمی کمزور ہے اور اگر ایک آدمی کم نوافل پڑھتا ہو مگر ذکر کثیر کرتا ہو تو وہ کامیاب ہے۔ لہذا کثرت ذکر ہونا چاہیے۔

۷۴۔ شکایت۔ نفس مغلوب نہیں ہوتا۔

جواب۔ اگر نفس کو مغلوب کرنے کا ارادہ ہو جائے تو یہ ایک قسم توجہ الی النفس ہو گی جو حجاب در حجاب ہے اس کا علاج یہ ہے کہ حکمت سے کام لیا جائے اور اسے متوجہ الی الغالب ذات باری تعالیٰ کیا جائے۔ خود بخود مغلوب ہو جائے گا۔ غلبۂ توجہ یکتا ہے۔
چونکہ نفس متوجہ الی الحظوظ خود ہے اس کو مجبوراً طوعاً وکرھاً متوجہ در ہر عمل صادرہ ارادیہ، علمیہ، عملیہ، ظاہریہ، باطنیہ بطرف ذاتِ اقدس کرنا چاہیے اور یہ عبدیت ہے مقبولیت ہے۔ محبوبیت ہے۔

اگرچہ نفس در ارادہ امری از اوامر دنیا وعقبیٰ خللے پیدا کند در نیت۔ لیکن وہ غیر اختیاری ہے۔ عمل اضطراری پر مؤاخذہ نہیں۔ بلکہ مؤاخذہ در عزم ہے۔ العیاذ باللہ

۴۷ - ایک مریض کی عیادت :-

یہ محض عنایت ربانی و رحمت رحمانی ہے۔ بندہ کے ادراک سے انوار و اسرار
صحت شافی مستور رہے جس کا نام صحت راحت و آرام ہے صرف اس قوتِ کاملہ
کے آثار کا احساس ہے۔ ورنہ کیف قوت شافی از ادراک بیرون و بے چوں صفت ہے
تصرف قوتِ ضارّہ از اعیانِ بیان پاک ہے صرف اس فعل ضارّہ کا
اثر زیرِ احساس ہے۔ جس کا نام تکلیف و بیماری ہے۔ اللہ رب العزت از روئے
تربیت و بیداری و ہوشیاریٔ مایاں جناب کو زیر تجلی ضارّہ کے تربیت دے دی۔
اور ہمیں اپنے علوم و فنون سے خالی کر کے متوجہ الی الذاتِ اقدس کر دیا۔ یہ دعوت
الی اللہ تھی بذریعہ مرض۔ ورنہ ہم دولت شفا سے غافل و ناشاکر تھے۔ وہ نعمت خور
دانت۔ جو گوناگوں غذا کو پیس کر پیٹ میں بھیجتا ہے۔ مریض اس دانت کی نعمت
سے بے خبر تھا۔ اس وقت محسوس ہوا کہ دانت ایک ذریعہ املاج قوت غذائیہ ہے
واز کمالات دنداں و اسرار دنداں کہ مظہر جلالت جلال است اکنوں احساس کردم
عبدالمجید را باید کہ از مجدیت دنداں بطرف مجید مطلق متوجہ شود۔ و خادم مادر و پدر
گردد کہ دندان مجیدیہ را اصل دندان مادر و پدر است واللہ اعلم۔

مسئلہ دندان دور و دراز است مختصر ایں کہ آلہ تربیت رب کریم است و خزائن
لذائذ ہضمیہ، مذاقیہ تعلق بدنداں دارد و ایں ہضم در ابتدا بذریعہ دنداں حاصل شود
باقی درجات ہضم تعلق بہ معدہ، رودہ، جگر، مرارہ و ارکان بخارات لطیفہ میدارد تا بہ
خون۔ و چون خون گردد بعد از ہضم خون قوت حیوانیہ تمیزیہ، عقلیہ، علمیہ، فہمیہ، ادراکیہ،
احساسیہ لامہ، شامہ، ذائقہ، باصرہ، سامعہ وغیرہ، از ہضم دم پیدا می شود، یعنی
ایں خون در ہر یک مقام علیحدہ صورت پذیر شود بعد از جملہ ہضوم قابلِ قبول روحانیت
گردد۔ کما لا یخفی عن العارفین۔

۷۶ - مرض حملہ بر نفس می کند۔ و نفس عبارت از ارکان اربعہ است، چون از ترکیب اعتدالی بایکدیگر قابل قبول روح امری شود وقیام بدان بہ روح۔ و علم، عقل، فکر، فہم، خیال وغیرہ فروعات روح است۔ و بدن فقط مظہر ایں فروعات است۔ چوں مظہر خراب شود اعتدال خراب شود چوں اعتدال ترکیبی خراب شود استعداد خواصی، دافعالی، وتصرفی خراب گردد۔ چونکہ قابل قبول روح امری نباشد پس مایہ قیام البدان خارج شود۔ نامش موت است۔ موت برائے ارکان اربعہ باشد نہ برائے روح امری کما لا یخفی

۷۷ [ ] یہ شکل لطیفۂ اخفی کا نور نازلہ ہے۔ بہت محمود ہے۔ یہ سب مخلوقی انوار ہیں جو مقصود کی طرف دعوت و دلالت ہے عین مقصود نہیں۔ ترغیب الی المقصود ہے۔

۷۸ - وسیع میدان عرش عظیم کے دائیں طرف ہے جو صالحین مقربین کے حقائق کا مجمع اور ماویٰ ہے۔ جو بندہ کے مذاق میں قرب صوری کیفی ہے اور تربیت امری کی خلقی طرف ہے واللہ اعلیٰ۔

۷۹ - پریشانی اور اس کا علاج :-

پریشانی کی تین قسمیں ہیں (۱) مبتدی کی پریشانی۔ اس کا علاج اور اصلاح توجہ الی الشیخ ہے یعنی شیخ کے اعمال، اقوال، احوال پر نظر ہو۔ اور بیعت، تعلق، محبت، اعتماد۔ اعتقاد و ارشاد شیخ، و اسباق و اوراد ارشادیہ کو مدنظر رکھیں۔ ذات پیر کو تصوراً حاضر نہ کریں نہ اعتقاداً کیونکہ حاضر و ناظر اعتقاداً صرف اللہ رب العزت ہے۔ اس صورت خاصہ میں کوئی ممکن داخل نہیں۔ ہر چند فکر ادھر ادھر دوڑتا ہے۔ لیکن ان اشیائے مذکورہ کی طرف راجع کرے۔ یعنی اعمال و اقوال شیخ تو مبتدی کی پریشانی رفع ہو گی۔ " برائے مرید صادق"

۲ - متوسطین کی پریشانی :- اس کا علاج و اصلاح توجہ الی الذکر ہے۔ کثرت

ذکر کرے اور فرضیت ذکر کو نہ چھوڑے ۔ چنانچہ نماز کا چھوڑنا جرم عظیم ہے ۔ اور ذکر کی فرضیت غیر مؤکدہ ہے ۔ ایک لمحہ فرصت نہیں ۔ اس لیے ذکر، استغفار، درود شریف تسبیحات وغیرہ پر زور لگائے ۔

۲ ۔ منتھی کی پریشانی :۔ اس کا علاج توجہ الی ذاتِ اقدس ہے ۔ ذات سے توجہ قطع کرنا ہلاکت روحانیت و مسخ حقیقت ہے ۔ اگر خواطر غیر اختیاری بشری طبعی حملہ زن باشد لیکن متصور ندارید و شرم از ذات باید کہ دِل جو آلۂ وصل ہے یعنی ارادہ اس ذات سے جدا کر کے کسی غیر سے پیوست کرنا باعثِ شرم و عار ہے ۔ وو عدہ عشق و محبت نسبت روح بے فروغ ہوگا ۔ الغرض معاملات کونیہ نظامیہ حوالۂ ذات کریں ۔ کیونکہ لا تتحرك ذرة الا باذن الله پس کیا مناسب اہل نسبت ہے کہ تصور امر غیر اختیاری کریں ۔ اور اوقات ذاکرانہ، تصورانہ بدل بہ خسرانہ حادثانہ کریں ۔

الاوامر امتثالاً واجتناب النواہی تقویٰ ھو قرب الشریعۃ الغرّاء
وقرب الطریقۃ ھو الاستحضار والفناء عن ماسوی اللہ والشہادۃ الامکانیۃ
وقرب حقیقت ۔ ھو البقاء مع الافاضۃ والافاقۃ ھو المقصود
والوصل ۔ اللھم ارزقنا بحرمۃ اسم جلالک (بیداری) ۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا قیوم
برحمتک استغیث واجابۃ الدعاء بھذا الشرط

بندہ کے مذاق میں قد انسانی قوس ہے اس کے دو طرف ہیں ایک عالم شہادت دوسرا عالم غیب اس قوس کا تناب ، فکر و حضور رہے اور عروج حقیقت بذریعہ اسم ذات ہے از بندہ و نزول تجلیات و فیوضات ربوبیت ہے ۔ من اللہ العزیز ۔

۸۱ سیر اربعہ :-

لاہوت	جبروت	ملکوت	ناسوت
ذات باری جل شانہ	اسماء جلالی جمالی کمالی فاعل مختار	افعال تکوین	آثار عالم خلق طبعی آثار افعال

۸۲ تعریف نور : النور ظاھر لنفسہ ومظھر لغیرہ
۸۳ ۔ ماہیت نفس :۔ جسم لطیف کثیف ۔ مظلمہ ، جاریہ فی البدن غیر ذاکیہ
کالماء فی الشجر من المادیات (عناصر اربعہ) امارۃ بالسوء (صفتہ)
۸۴ ۔ الرّوح :۔ جسم لطیف ساریۃ فی البدن کالزبد فی اللبن ۔ وآلۃ للنفس
من المجردات ۔ یعنی مشیت ارادہ ، امر ، و قدرت وغیرہ
۸۵ خشوع :۔ اس فعل کا نام ہے جو انسانی ہستی کو محو کر دے یا وہ ہیبت کبریائی ذات اکبر کا نام ہے جو مخلوق کو مٹا دے اور فنا کر دے ۔ یا اس سرور و حضور کا نام ہے جو انسان کو جامۂ ہستی سے اور انانیت امکانی ناسوتی سے باہر کر دے ۔ الغرض توجہ تام الی اللہ ہو ۔

۸۶ وساوس :- وسوسہ و حدیث النفس غیر اختیاری است۔ ارادہ و نسبت اختیاری است و غیر اختیاری عارضی است ۔ پس غیر اختیاری را با اختیاری و عارضی را با اصلی دفع باید کرد۔ واللہ الموفق وھو معین ۔

۸۷ ۔ تجلی افعالی :- کبھی بصورت شجر ہوتی ہے اسے شجرۃ الکون کہتے ہیں ۔ اس کے دو پہلو ہیں ایک عروج دوسرا نزول ۔ عروج حقیقت کعبہ یعنی از امر رَبّی اور نزول بطرف کعبہ یعنی نزول تکوینی درصورت یکونی ۔ ایک طرف قدسی ہے دوسری طرف خلقی شہودی ہے کہ موسوم بہ اسم خطیرۃ القدس ہے ۔ یہ عبارت ہے انوار ذات بحت سے جو بالائے عرش ایک چشمہ کی صورت میں نزول کرتے ہیں ۔ اس چشمہ نوریہ تصرفیہ سے تجلیاتِ افعالی نظامی مستفید ہوتے ہیں ۔ اور نظامِ تربیت اس سے جاری ہوتا ہے اور شاہ صاحب نے اس کا نام خطیرۃ القدس لکھا ہے ۔ یہ ان کا ذوق ہے ۔ ورنہ چشمہ نور خلقی نظامی تصرفی ہے اور امری طرف یعنی بجانب قدس موسوم ہوا ۔ چنانچہ از کیف واین پاک است ۔ ہمارے مسلک میں اکثر حضرات اس چشمہ کی طرف توجہ کر کے انوارِ باطن ہیں وصول کرتے ہیں اس کیفیت کے اثرات بدن پر یوں محسوس ہوتے ہیں ۔ جیسے برف کی قاش رکھ دی گئی ہو ۔ وھٰذا من فضل ربی ۔

فن تعبیر علوم درسی سے مستفید ہے ۔ کیونکہ درسی تشریعی علوم تفسیر و تعبیر قرآنی ہے اور ذوقی علوم، تدبیر و تفہیم و تحقیق حقائق قرآنی ہے ۔ ایک دوسرے کا معاون و محافظ ہے کیونکہ قرآن میں علوم احکامی و علوم اسرار ہر دو موجود ہیں ۔ چنانچہ احکام محتاج اسرار ہیں اور اسرار مشتاق احکام ہیں

۸۸ ۔ حرارت ذکر سے قلب پر نور کا اثر پڑتا ہے پھر قلب سے روح میں سرایت کرتا ہے پھر روح تجلیات توحید میں غوطہ زن اور مستغرق ہو کر بدن کو متاثر کرتا ہے ۔ یعنی ناسوتی بدن بے ہوش ہو جاتا ہے اور تمیز کرنے سے عاجز ہو جاتا ہے ۔ یہ ہے

"سکرِ توحید" اللھم زد فزد

۸۹ - درمیانی حصہ مقام الیقان قلبی ہے جو ذاکر وفاکر وعابد و بندہ ہے۔ ارد گرد انوار جلالی وجمالی ہیں۔ سُرخ انوار اسم ذات جلالی کے اور سفید انوار اسم ذات جمالی ہیں جو محجوبات قلب کے زنگ ہیں۔ ذکر میں محو اور گم ہونا عالم فنافی الذکر اور لقابہ انوار و تجلیات ہے۔

۹۰ - ابر چلتا ہوا محسوس کرنا:- یہ قلب کا غین نورانی ہے جیسے لیغان علی قلبی جو تکرار ذکر سے منتشر ہوتا ہے اور عروج کرتا ہے کبھی یہ غین قلب پر نازل ہوتا ہے وہ نزول انوار صفاتی اسمائی ہے کبھی قلب سے نکل کر عالم جبروت ولاہوت تک جاتا ہے حسب مناسبت قرب و بعد عملاً و عزماً

۹۱ - تلك حجتنا الخ :- القائے وارادت دلائل ولایت سے ہے۔ اور ولایت اعطائے درجات اور منازل قرب ہے۔ اور اشارت مشرب ابراہیمیؑ ہے۔ وفوق کل ذی علم علیم ...... چنانچہ صفت علیم غیر تناہی ہے۔ اور علوم کی انتہا غیر مدرک ہے۔ پس غرور نباید۔ بلکہ حصہ علمی از عطائے ربانی تصور کرنا وشاکر بہ نعمت علمیہ باید شد۔

۹۲ - امام مالک کے ایک قول کی وضاحت:-

من تصوف ولم یتفقہ فقد تزندق - جس نے اپنے آپ کو صوفی سمجھا و بنا اور احکام تشریعی سے بے خبر رہا - اور معرفت اسماء اور معرفت صفات، معرفت ذاتی اور تقدیس ذاتی سے بے خبر رہا - تو وہ زندیق ہے یعنی اہل حجاب ضالہ سے ہے یعنی علم توحید، و علمِ عرفان ظاہری سے خالی ہے۔ من تفقہ ولم یتصوف فقد تفسق :- جس نے علم ظاہری توحیدی عرفانی حاصل کیا اور تعلق مع اللہ اور انقطاع عن غیر اللہ نہ کیا تو وہ حجاب اکبر والا ہے - کیونکہ وہ ذوق معرفت سے

اور انوار مذاکرت سے خالی ہے

ومن جمع بینھما فقد تحقق ۔جس نے علوم عرفانی ، علوم توحیدی اور احکام قرآنی حاصل کئے اور علوم انوار سے علاج تقدلسی ، علاج ذوقی ، علاج حالی و یکتائی ارادی ، جمعیت قلبی اور قطع تعلق عن غیر اللہ کیا تو وہ اہل تحقیق سے ہے اور مومن محقق اور عارف مدقق ہے اللھم ارزقنا ہ

۹۳۔ایک شعر کی شرح :۔

صنمارہ قلندر سزد ار بما نمائی کہ دراز و دور دیدم رہ و رسم پارسائی

صنما !۔ اے معبود ! اے مقصود ! اے موجود ! یا الٰہی !۔ حرف الف ندائیہ ، دعائیہ جو دال ہے داد باطنی پر۔ اصطلاح عشاق میں یہ حرف داد تامہ ، اخلاص خاصہ پر دال ہے ۔یعنی دعا ، گریہ ، زاری ۔

رہ :۔ استعداد و دستور ، و توفیق و قوت کسبی و قوت موہوبی یعنی ارادہ ، و صباح ، حضور ، جمعیت قلب و تعلق ارادی وغیرہ

قلندر :۔ متوجہ الی اللہ و فانی از ما سوی اللہ و یکسو ، و باقی باللہ ، و نگہبان قلب و اہل دل و اہل حضور ۔

سزد :۔ مطلوب و مقصود و مدعا و درخواست و التجا و ضرورت و مناسبت و تمنا مناسب وقت ۔

ار یمن :۔ اگر در باطن من ، القا ، پیدا ، ہویدا و غوغا ۔

یعنی اگر قوت ارادی من کہ عبارت از ارادت روحانی است و استعداد القانی ، وجدانی و حقیقت وجدانی ، مذاقی ، مقامی ، دائمی سکرانی ، صحوانی و عوانی ، ہوشیاری و بیداری سلوکانی ، و انجذابی و تشریعی ۔ چنانچہ حرف ار ، دال بر تضرع و انکساری و عجز کہ دستور اہل طلب بر مطلوب بہ طریقۂ عجز است

نمائی :- عطا، بخشش و ہدایت و کشش و یکتا و یک بین سازی، کہ عبارت از معائنہ ذات اقدس است۔

کہ دراز :- ذرائع قرب الٰہی بسیار است و محدود ذرائع پنج بنا است و ہر عمل کہ کردہ شود۔ پس دار و مدار عمل بر نیت و ارادت است باید کہ اصلاح نیت عطا کنی چنانچہ در عمل خلل انداز نفس و شیطان است کمالاً و پراز حجابات حظوظیہ نفسانیہ۔

دور دیدم :- پراز حجاب و نقاب عبارت از عذاب و ثواب، سزا، جزا، حساب و کتاب، شمار و قطار، و کم و بیش و تفریط و افراط وغیرہ نقائص بشریہ

رہ :- شریعت، طریقت، حقیقت و معیت، و غیریت و عفت، و غفلت، و کدورت، و ندامت و جہالت، و امانت و خیانت، و سنت و بدعت، و فرض و واجب و سنت و نوافل وغیرہ۔ اگر دریں اعمال کردن، برائے رضائے الٰہی و ترک از خوف الٰہی نباشد مشکل در مشکل کما لا یخفی پس علاج قبولیت ہر عمل تصحیح نیت و ارادت است۔

زہد :- پارسائی، فقیری، مشیخت، مولویت، وعظ گوئی یا بزرگی سے جاہ و جلال مطلوب ہو تو یہ عمل حظ نفسانی سے ہوتا ہے اور اس سے بچنا بڑا مشکل ہے

۹۴ :- تعریف نقشبندیہ :-
نقشبندیہ کے معنی تصویر حرفی۔ اسم ذاتِ اقدس کا لفظ۔ رسم حظ کا نقش و تصویر و صورت حرفی کے لیے دل پہ تصور کرنا۔ اس نقش کو خواہ سونا چاندی سے خواہ سیاہی سے جس رنگ کا مطلوب ہو دِل پہ نوشتہ کر کے تصور کرنا۔ یہ ذکر حرفی صوری ہے۔

دوامِ تصور سے حیاتِ دِل کہ عبارت ہے ارادۂ حیاتی قلبی سے خود بخود

ذاکر فاکر ہوجاتا ہے اور عجائبات انوار ارادہ اس تصور مبارک سے گوناگوں پیدا ہوتے ہیں - یہ ذکر خفی ہے -

---

ذوقیات

۹۵ - بندہ کے نزدیک نقش ارادی بہ چشم نقاش ارادہ شود - در ارادۂ خود و بدن - یہ ہے نقشبند -

۹۶ - ذکر بندی - تکرار اسم ذات جلالی مبارکہ ہے - چنانچہ ذکر بمعنی بیان اور بیان بغیر تکرار نہیں ہوتا ہے - اس لگاتار اور پے در پے تکرار سے کیفیت انوار دِل میں سرایت کر کے دِل کو روشن و تاباں کرتی ہے اور حیاتِ دِل بہ ذکر بیانی جاودانی ہو جاتی ہے -

۹۷ - ارادہ بیانیہ در ارادۂ خود بیان ذکر بہ لسان ارادہ بیانیہ خود بخود میکند -
فکر بندی :- اپنی قوتِ خیالی کو ذکر کر کے وقت صفات مذکورہ کے ساتھ رکھنا باکمال استغراق جلالیت مذکور اور باکمال اشتیاق جمال مذکور کو مطلوب و مرغوب بنانا چنانچہ تصور لقائے ذات بعد از فنائے امکان حال دِل و قال زبان ہو جائے اور تعارف حقانہ واجبانہ غیر منفک بن جائیں -

۹۸ - ارادہ فاکرانہ خیالانہ در ارادہ فکر یہ خود بخود فکر سے ہوتا ہے - چنانچہ تار برقی میں برقی رو خود بخود براق شفاف و روشن ہوتی ہے - شمار و تکرار کی محتاج نہیں تعلق محضہ پہ مدار ہے - فاذکرونی اذکرکم عبدیت و ربوبیت ، کسبیت و تربیت ، عاشقیت و معشوقیت - عروج و نزول ، رحمت سکینہ و سکینیت ، خرام و آرام ، نیاز و ناز ، سوز و گداز ہے -

ہمہ آہوانِ صحرا سر خود نہادہ برکف بہ امیداں کہ روزے بہ شکار خواہی آمد

۹۹ - ارادہ بندی :- افکار لایعنی سے دولت یکسوئی غارت ہو جاتی ہے - اور حیاتِ ارادۂ توحیدی پریشان ہو جاتی ہے یہ لازم حال ہے کہ ہر وقت نیت بطرف مقصود واصل رہے -

۱۰۰ - نیت را در نیت خود بہ قوت نیت خود بخود قرار گرفتہ - چنانچہ صحت عمل موقوف ہے صحت نیت عمل ارادی عزمی پر - ارادہ روحی انسانی موافق حکم خداوندی و دستور شریعت موافق شریعت عزا داشتہ - علماً و عملاً -

ارادہ البقانی نور ہی ہدایتی بطرف لقائے ذاتی صمدانی پیوستہ ہے - قیاماً وقعوداً و جنوباً - چنانچہ یہ مقصود حیات امکانی ہے اور برائے تعارف لامکانی جل شانہ ہے -

مقام عاشق و معشوق در ارادۂ تو ز وصل و فصل حیات است در ارادۂ تو
سرور وصل ز شان ارادہ میداری فزون فضل ز شان ارادہ میداری
ز تاؤ تاب خودی خود بخود چہ مے تابی کہ وصل و فصل ز ارادہ خود بخود یابی
مقامِ یار و اغیار در ارادۂ تو ! نظام قرب جدا است در ارادۂ تو

الغرض مؤثر در قالب تو قلب ہے - اگر قلب پریشان ہے تو بدن پریشان ہے اگر قلب اطمینان و سکون پذیر ہے تو بدن بھی مطمئن اور سکون پذیر ہے - ارادہ بطرف مقصود درکھنا یہ تصفیہ قلب ہے -

---

۱۰۱ - حضور بیداری :- جو چیز دنیا میں ہے وہ سب ظن اور وہم ہے - کیونکہ دنیا بمنزلہ آئینہ ہے اور دنیا کی چیزیں اس آئینہ میں عکس ہیں اور عکس خود وہم اور ظن ہے کیونکہ اس کا وجود موقوف بالغیر ہے مثل عارض کے - اور ذاتِ اقدس کا وجود

سمیع و بصیر ہے آپ کو اسی نے قوتِ باصرہ دی ہے تاکہ آپ اس ذات یکتا کو
حاضر و ناظر مشاہدہ کریں اور اپنے آپ کو فانی سمجھیں اور یہ خیال کریں کہ ہمیں اور
ہمارے عمل کو اللہ بصیر دیکھتا ہے اس کے علم سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں۔ اس عمل
سے آخر غلبہ استحضار ہوگا اور آپ اپنے نفس سے بے خبر ہو جائیں گے اور ذات یکتا
سے باخبر۔

۱۔ قوت حاضرہ خود در حضور خود بخود حاضر دارتا از حاضر شدن و غائب بودن رہا شوی
پس چہ ارادہ خود بخود فاعل و منفعل گردد۔ و دوام نظر بہ حاضر مطلق نگراں شود و
ایں قوت از برق تجلی صفت حاضر آ ہست۔

؎ حضوری گر ہمی خواہی از و غائب مشو حافظ متی ما تلق ان تھوی دع الدنیا و ما فیہا

چنانچہ قلب ارادی انسانی از انقلابات کونیہ فانیہ در اماں شود از نزول انوار ایں
تجلی کہ صفت حاضر و است پس یک قوتِ حاضرانہ حیرانہ در قلب پیدا شود کہ حیات قلب
حاضر است ؎

ہمہ شہر پر ز خوباں منم و خیال ماہے چہ کنم کہ چشم بدخو نکند بہ کس نگاہے

۱۰۳ خیال بندی:۔ جاننا چاہیے کہ انسان کو اللہ رب العزت نے تمام روئے زمین
کے جوہر سے پیدا کیا ہے زمین کی ہر قسم اس جوہر میں شامل ہے اور جوہر انسان
کا ارکان بدن ہے اور نفس تملیک و تملک کا خواہشمند ہے۔ اور خیالات
گوناں گوں اس جوہر کی تاثیر سے انسان کے قلب پر دورہ کرتے ہیں ایک دور ہوتا
ہے دوسرا دوڑ کر آجاتا ہے کیونکہ نفس ہر طرح اپنے اصلی وطن خاک کی طرف مائل
ہے۔ اس لیے مناسب ہے کہ خیالات لایعنی کو ذکر یزدانی سے بند کرے۔

۱۰۴۔ قوت نظر خیالی سے اللہ رب العزت کی جلالیت ذاتی و جمالیت صفاتی کا خیال
کرنا اس خیال کے غالب ہونے سے غیر اللہ کا خیال کافور ہو جائے گا۔

اللھم اھد نا التوحید ا لخیالیۃ یا اللہ العزیز

چشم بندی :۔ نظر کو بند کرنے کا ثمرہ یہ ہے کہ انسان کی نظر دلال ہے دل کی طرف سے
چنانچہ حضورِ دِل کو عجائباتِ دنیا کی طرف لے جاتی ہے تقاضئے نفس اور عجائبات ولذائذ
دنیوی کو دِل میں مقام پذیر کرتی ہے ۔کیونکہ ناسُوت کا تعلق ناسُوت کے ساتھ ہوتا
ہے اور ادھر ادھر دیکھنے سے سرور حاصل کرتا ہے ۔ اس لیے نگاہ کو بند رکھنے سے
حضور میں قوت پیدا ہوتی ہے اور یہ عمل حضور کے لیے ممد ہے کافی نہیں۔

۱۰۵۔ ارادکلی بطرف مقصود رکھنا خود بخود نظر بندی ہے اور بند کرنے میں مشغول نہ ہونا۔
ورنہ حجاب منزل ہوگا۔

زبان بندی :۔ زبان قابو میں رکھنا اور بند کرنا گویا دروازہ حضور کا بند کرنا ہے تاکہ
حضور ارادہ اس دروازہ زبان سے باہر نہ چلا جائے ۔ لعد جمعیت حقیقت جامعہ کو
پریشان نہ کرے ۔ یہ بھی معاون حضور ہے ۔آفاتِ لِسان منصوصہ ہے ۔

۱۰۶ ۔ زبانِ حضور سے بیان صفات باری جل شانہٗ کرنا ۔ شغل رحیم کریم ۔ یا حیُّ یا قیُّوم
کرنا علی الدوام آخر زبان بندی اضطراری ہو جائے گی ۔ اور بیان صفات جلالیہ
جمالیہ، کمالیہ اختیاری ہو جائے گا۔ اور اختیار کا مقابلہ اضطرار کوئی منصب نہیں
رکھتا۔ زبان خود بخود مغلوب ہوگی ۔

حدیث مطرب ومے گو وراز دہر کمتر جو ۔۔۔ کہ کس نکشود نکشاید بحکمت ایں معمارا

۱۰۷۔ گوش بندی :۔ قوت سامعہ کو اپنی طرف اصلی یعنی نور تجلی سمیع کے ساتھ ملا دے
تاکہ مقاصد ندا اور مکائد صدا سے امان پائے اور سننا سنانا کم کردے تاکہ یکسوئی
ارادہ غارت نہ ہوجائے ۔ یہ حضور کے معاون ہیں ۔

۱۰۸۔ آواز ذکر رحی وذکر خفی کی طرف کان رکھنا اور کوائف بدنیہ کو ملاحظہ کرنا اور واردات
ذکریہ فکریہ پر نگاہ رکھنا خود بخود گوش بندی ہے ۔ یہ ایک دروازہ ہے اس سے

ارادہ پریشان ہوتا ہے۔ اس کی طرف متوجہ ہونا حجاب ہے ؎

چشم بند و گوش بند و لب بہ بند گر نہ بینی سرِ حق بر ما بخند

مولاناؒ کی غرض ارادہ کو بند کرنا ہے نظر زبان و گوش ارادہ کے لطائف ہیں۔ اس کا کلی نام ارادہ ہے۔ بدن کی ساری قوتیں اجزائے ارادہ ہیں۔ کسی وقت ارادہ کسی قوت کے تابع ہوتا ہے اور کسی وقت قوت ارادہ کے تابع ہوتی ہے۔ جیسا کہ شجر اور اجزائے شجر کا معاملہ ہے۔ شجر کی نسبت شاخ و برگ و ثمر کی طرف ہوتی ہے اور شاخ و برگ و ثمر کی نسبت شجر کی طرف ہوتی ہے۔ چنانچہ مسمی کی نسبت اسم کی طرف اور اسم کی نسبت مسمی کی طرف ہوتی ہے پس تمام قوای ارادہ کے مظاہر ہیں اور ارادہ ظاہر متصرف ہے قوی پر۔ اور ہر قوت کا دارومدار قوتِ ذاتی پر ہے لاتتحرک ذرۃ الا باذن اللہ

